بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com
روزنامہ
گلدستہ بہار کوئٹہ
ABC Certified
DAILY GULDASTA BAHAR
ایڈیٹر:۔ کاشف مراد قلندرانی
جلد نمبر 21 | بروز منگل 29 ستمبر 2026ء/ 16 ربیع الثانی 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 261

معتبر معلومات تک رسائی شہریوں کا بنیادی حق ہے، صدر زرداری

یہ حق قانون کے تحت عائد ضابطوں اور معقول پابندیوں سے مشروط ہے، سرکاری اداروں کی شفافیت، جوابدہی اور ذمہ دارانہ ابلاغ ناگزیر ہے

رائٹ آف ایکسیس ٹو انفارمیشن ایکٹ 2017 وفاقی سطح پر معلومات تک رسائی کے لئے قانونی فریم ورک فراہم کرتا ہے، عالمی یومِ معلومات تک رسائی کے موقع پر پیغام

اسلام آباد(جی این ایم) صدر مملکت آصف علی زرداری نے شہریوں کے حق معلومات کے تحفظ کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جمہوری معاشرے میں شہری اسی وقت عوامی زندگی میں بامعنی کردار ادا کرسکتے ہیں جب انہیں بروقت، معتبر اور قابلِ اعتماد معلومات تک رسائی حاصل ہو۔ عالمی یوم معلومات تک رسائی کے موقع پر اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ آئین پاکستان شہریوں کے حق معلومات کے لیے واضح بنیاد فراہم کرتا ہے، 18ویں آئینی ترمیم کے ذریعے اظہار رائے کی آزادی کے آئینی ڈھانچے کو مزید مضبوط کیا گیا اور آرٹیکل-19اے شامل کیا گیا، جس کے تحت ہر شہری کو عوامی اہمیت کے تمام معاملات میں معلومات تک رسائی کا حق حاصل ہے، تاہم یہ حق قانون کے تحت عائد ضابطوں (باقی صفحہ 2 نمبر1)

آبنائے ہرمز کا کنٹرول ایران سے چھین لیا؛ امریکی فوج

ایران کے بحری بیڑے کو امریکی فوج نے تباہ کر دیا ہے؛ سینٹکام

واشنگٹن (اے این این) امریکی سینٹرل کمانڈ نے آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول کے ایرانی دعوے کو مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران اس اہم بحری گزرگاہ پر مکمل اختیار نہیں رکھتا اور اس کے بحری بیڑے کو امریکی افواج تباہ کرچکی ہیں۔ امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹکام) نے سماجی (باقی صفحہ 2 نمبر2)

لاہور،، بلوچستان کے وزیر اعلیٰ میر سرفراز احمد بگٹی نیشنل سکول آف پبلک پالیسی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کے پی کے میں گورنر راج کے تمام آ قانونی تقاضے پورے ہیں امیر مقام

کے پی میں کوئی آپشن چلے یا نہ چلے، سہیل آفریدی نہیں چل سکے گا، سہیل آفریدی وزارت اعلی سے ہٹنے کے بعد لوٹ مار کے جرم میں جیل کے اندر ہوگا

صوبے میں میں دہشت گردوں کا راج ہے، عوام ایک عرصے سے دہشت گردی کا سامنا کر رہے ہیں، وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

پشاور (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان امیر مقام نے کہا ہے کہ وزیراعلی سہیل آفریدی کے غیر قانونی اقدامات کے باعث گورنر راج کے تمام قانونی تقاضے پورے ہیں، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نفیس آدمی ہیں، باقی کسی بھی وقت کچھ بھی ہوسکتا ہے، کے پی میں کوئی آپشن چلے یا نہ چلے، سہیل آفریدی نہیں چل سکے گا، سہیل آفریدی وزارت اعلی سے ہٹنے کے بعد لوٹ مار کے جرم میں جیل کے اندر ہوگا، صوبے میں میں دہشت گردوں کا راج ہے، عوام ایک عرصے سے دہشت گردی کا سامنا کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ امیر مقام کا کہنا تھا خیبر پختونخوا کے حالات سب کے سامنے ہیں، خیبر پختونخوا کے عوام ایک عرصے سے دہشت گردی کا سامنا کر رہے ہیں، پورا پاکستان دیکھ رہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے لوگ کتنی قربانی دے رہے ہیں، تبدیلی سرکار نے صرف وزرائے اعلی ہی تبدیل کیے، عوام کی قسمت نہیں بدلی۔ ان کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کی عوام نے پی ٹی آئی کو مینڈیٹ دیا (باقی صفحہ 2 نمبر3)

پی ٹی آئی واضح کرے وہ پاکستان کیساتھ ہے یا افغانستان کیساتھ؟ وفاقی وزراء

خیبر پختونخوا حکومت کا دہشت گردوں اور افغانستان کے حوالے سے معاندانہ نرم رویہ، سہولت کاری اور مجرمانہ غفلت ملک کو دہشت گردی کی آگ میں دھکیل رہی ہے، عطاء اللہ تارڑ

پاکستان نے دوطرفہ سطح، بین الاقوامی فورمز، ڈوزیئرز اور مذاکرات کے ذریعے بارہا کابل انتظامیہ کو سمجھایا لیکن افغان عبوری حکومت نے اپنی سرزمین کا پاکستان کے خلاف استعمال نہیں روکا

اسلام آباد(یواین اے) وزیرمملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے انکشاف کیا ہے کہ پاکستان میں گزشتہ ڈھائی سے تین سال کے دوران ہونے والی دہشت گردی کی کارروائیوں اور حملہ آور تشکیلوں میں 70 فیصد افغان شہری ملوث ہیں جبکہ ڈی آئی خان چیک پوسٹ حملے میں ملوث دہشت گرد کا سراغ بھی کابل سے ملا ہے۔ خیبر پختونخوا حکومت کا دہشت گردوں اور افغانستان کے حوالے سے معاندانہ نرم رویہ، سہولت کاری اور مجرمانہ غفلت ملک کو دہشت گردی کی آگ میں دھکیل رہی ہے۔ وہ پیر کے روز وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ کے ہمراہ (باقی صفحہ 2 نمبر4)

لاہور: وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نیشنل اسکول آف پبلک پالیسی میں شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

عبدالخالق ہزارہ اینٹی کرپشن عدالت سے بری ہوگئے

پارٹی قیادت کے خلاف منفی پروپیگنڈے کے باوجود جدوجہد جاری رکھیں گے، ایچ ڈی پی

کوئٹہ(یو این اے) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں سابق صوبائی وزیر اور پارٹی چیئرمین عبدالخالق ہزارہ کو اینٹی کرپشن عدالت سے مقدمے میں باعزت بری کیے جانے کو پارٹی کی اخلاقی وسیاسی فتح قرار دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ پانچ سال کے دوران بعض عناصر نے پارٹی قیادت کے خلاف مسلسل منفی پروپیگنڈا اور ہرزہ سرائی کے ذریعے (باقی صفحہ 2 نمبر5)

وزیراعظم وطن واپسی پر بلاتاخیر جماعت اسلامی سے مذاکرات کریں، لیاقت بلوچ

حکومتی ٹال مٹول جاری رہی تو حکومت کے خاتمے کیلئے ملک گیر تحریک بھی شروع ہوسکتی ہے، نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور (جی این ایم) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ وزیراعظم وطن واپسی پر بلاتاخیر جماعت اسلامی سے مذاکرات کریں، حکومتی ٹال مٹول جاری رہی تو حکومت کے خاتمے کیلئے ملک گیر تحریک بھی شروع ہوسکتی ہے، ملک سے زرداری اور شریف خاندان کی سیاست کا سورج غروب ہو رہا ہے۔ اپنے ایک بیان میں لیاقت بلوچ کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی (باقی صفحہ 2 نمبر6)

پشاور موٹروے کھول دی گئی، جی ٹی روڈ بھی ٹریفک کیلئے بحال

موٹروے ایم 14 پر ہکلہ تا کنڈل سیکشن کی بحالی کا کام تاحال جاری ہے، ترجمان

اسلام آباد (جی این ایم) پی ٹی آئی کا لانگ مارچ ملتوی ہونے کے بعد اسلام آباد تا پشاور موٹروے ایم ون دونوں اطراف سے ہر قسم کی ٹریفک کیلئے بحال کردی گئی، جبکہ جی ٹی روڈ این فائیو اسلام آباد تا پشاور بھی ٹریفک کیلئے کھول دی گئی۔ پشاور موٹروے 23 ستمبر کو پی ٹی آئی (باقی صفحہ 2 نمبر7)

آصف زرداری کا ملائیشیا کے سابق وزیراعظم ڈاکٹر مہاتیر محمد کی اہلیہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (سی ایم لنکس) صدر آصف علی زرداری نے ملائیشیا کے سابق وزیراعظم ڈاکٹر مہاتیر محمد کی اہلیہ ڈاکٹر حسمہ محمد علی کے انتقال پر گہرے رنج وغم اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ پیر کو ایوان صدر میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر نے اس افسوسناک موقع پر ڈاکٹر مہاتیر محمد، (باقی صفحہ 2 نمبر26)

راولپنڈی، امریکی افغانستان جنگ کمیشن کا وفد فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر سے ملاقات کر رہا ہے

امریکی افغانستان جنگ کمیشن کے وفد کی فیلڈ مارشل سے ملاقات

فیلڈ مارشل وچیف آف ڈیفنس فورسز نے تنازع کے دوران سکیورٹی کی صورتحال کو تشکیل دینے والے عوامل کے حوالے سے پاکستان کا موقف پیش کیا

امریکی افغانستان جنگ کمیشن کا وفد افغانستان میں امریکا کی 20 سالہ شمولیت کا جائزہ لے رہا ہے، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (اے این این) امریکی افغانستان جنگ کمیشن کے شریک چیئرز محترمہ شمیلا این۔ چودھری اور ڈاکٹر کولن ایف۔ جیکسن کی قیادت میں ایک وفد نے جنرل ہیڈ کوارٹرز (جی ایچ کیو) راولپنڈی میں چیف آف ڈیفنس فورسز (سی او اے ایس وسی ڈی ایف) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، این آئی (ایم)، ایچ جے سے ملاقات کی۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق امریکی افغانستان جنگ کمیشن کا وفد افغانستان میں امریکا کی 20 سالہ شمولیت کا جائزہ لے رہا ہے۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ ملاقات کے دوران باہمی دلچسپی کے امور، بشمول (باقی صفحہ 2 نمبر34)

صوبے کا بنیادی مسئلہ پسماندگی نہیں بلکہ غلط بیانیہ ہے

وزیر اعلیٰ بلوچستان

تاہم اس بنیاد پر کہیں بھی ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانے یا ریاست کو ختم کرنے کی بات نہیں کی جاتی خان آف قلات نے کتاب میں لکھا الحاق رضامندی سے ہوا

افسران گراؤنڈ پر آ کر زمینی حقائق کا مشاہدہ کریں، پالیسی سازی اور انتظامی فیصلوں میں مقامی حالات، عوامی ضروریات اور حقیقی مسائل کو سامنے رکھنا ہوگا، میر سرفراز بگٹی

لاہور، کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبے کا بنیادی مسئلہ پسماندگی نہیں بلکہ غلط بیانیہ ہے۔ حقائق اور تصور میں فرق کو سمجھنے کی ضرورت ہے بدقسمتی سے دور حاضر میں بلوچستان کی درست تاریخ بیان نہیں کی جاتی، پسماندگی پاکستان کے ہر صوبے میں موجود ہے، تاہم اس بنیاد پر کہیں بھی ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانے یا ریاست کو ختم کرنے کی بات نہیں کی جاتی۔ بلوچستان کو توڑنے کا خواب کبھی پورا نہیں ہوسکتا، آئین کا آرٹیکل 5 ریاست سے غیر مشروط وفاداری کا درس دیتا ہے، نوجوان نسل اور ریاست کے مابین خلیج کو کم کرنے کے لیے ہر سطح پر اپنے نوجوانوں کو سن رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کو یہاں نیشنل اسکول آف پبلک پالیسی میں شرکا سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیراعلی بلوچستان نے کہا کہ سیاسی لوگوں (باقی صفحہ 2 نمبر12)

کچھی، گزشتہ رات قومی شاہراہ سندھ بلوچستان پر مسلح ڈاکوؤں کا کانوائے پر حملہ

پولیس اور ڈاکوؤں میں فائرنگ کے تبادلے کے بعد ایک مسافر جاں بحق پولیس اہلکار سمیت 2 افراد زخمی

بولان (اے این این) بلوچستان کے ضلع کچھی بولان کے علاقے میں گزشتہ رات نیشنل ہائی وے بجی لینڈ سے میاں کراس ڈبل روڈ پر گزشتہ رات نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے شاہراہ پر رکاوٹیں کھڑی کر کے مسافر کوچز اور ٹرانسپورٹرز کے کانوائے کو لوٹنے کی کوشش کی اس دوران پولیس کی بروقت کارروائی سے ڈاکوؤں اور پولیس کے درمیان آدھے گھنٹے تک شدید فائرنگ کا تبادلہ (باقی صفحہ 2 نمبر11)

اسلام آباد، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سے کوریا کے سفیر ایچ ای ہان سنگ ہو ملاقات کر رہے ہیں

گزشتہ ایک سال کے دوران خیبر پختونخوا میں بدانتظامی پر وائٹ پیپر

اسمگلنگ، منشیات، دہشت گردی اور دانستہ بدانتظامی میں اضافہ

اسلام آباد (اے این ای ن) گزشتہ ایک سال کے دوران خیبر پختونخوا میں بدانتظامی پر وائٹ پیپر جاری کردیا گیا جس کے مطابق اسمگلنگ، منشیات، دہشت گردی اور دانستہ بدانتظامی میں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ 1.خیبر پختونخوا میں 2026 کی پہلی ششماہی کے دوران 122 پولیس اہلکار شہید ہوئے، 2025 کی اسی مدت میں 63 شہادتیں ہوئی تھیں، اضافہ (باقی صفحہ 2 نمبر13)

ایران کا امریکی جہاز پر کروز میزائل حملہ، امریکا کے 8 فوجی زخمی ہونے کا انکشاف

ایرانی فوج نے امریکی جہاز کو کروز میزائل سے نشانہ بنایا، امریکی حکام کی تصدیق

واشنگٹن (جی این ایم) آبنائے ہرمز میں امریکی جہاز پر ایرانی حملے میں 8 امریکی فوجی زخمی ہوئے ہیں۔ امریکی میڈیا کے مطابق آبنائے ہرمز میں دو ہفتے قبل ایرانی حملے میں 8 امریکی (باقی صفحہ 2 نمبر16)

انسداد دہشت گردی عدالت، سابق پولیس سرجن ڈاکٹر عائشہ فیض کی ضمانت منظور

ڈیڑھ لاکھ روپے کے دو مچلکوں کے عوض ضمانت منظور، ملزمہ پر کالعدم تنظیموں کے بیانیے کے فروغ اور ہرزہ سرائی کا الزام تھا

کوئٹہ (یواین اے) انسداد دہشت گردی کی عدالت نے سابق پولیس سرجن ڈاکٹر عائشہ فیض کی ضمانت منظور کرلی ہے۔ عدالت کی جانب سے ڈاکٹر عائشہ فیض کی ضمانت ڈیڑھ ڈیڑھ لاکھ روپے کے دو مچلکوں کے عوض منظور کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ سابق پولیس سرجن کو (باقی صفحہ 2 نمبر15)

ڈپٹی کمشنر سیوی کا میر چاکر خان رند یونیورسٹی کا دورہ

میر چاکر خان رند یونیورسٹی میں ڈیجیٹل آئی ٹی لیب کا قیام علاقے کے طلبہ کے لیے ایک اہم پیش رفت قرار

سیوی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی نے میر چاکر خان رند یونیورسٹی (MCKRU) کا دورہ کیا، جہاں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ممتاز علی بلوچ سے تفصیلی (باقی صفحہ 2 نمبر19)

25 CAREC
Central Asia Regional Economic Cooperation
وفاقی وزیر احسن اقبال منگولیا کے دارالحکومت اولان باتر میں ڈویلپمنٹ پارٹنرز ڈائیلاگ سے خطاب کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا کے 37 مراکز صحت آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ

اہل اور تجربہ کار فرموں، تنظیموں اور جوائنٹ وینچرز سے دلچسپی کے اظہار کی درخواستیں طلب

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا ہیلتھ فاؤنڈیشن نے صوبے کے 37 مراکز صحت کی مینجمنٹ اور آپریشنز پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت آؤٹ سورس کرنے کا فیصلہ کیا (باقی صفحہ 2 نمبر22)

واگزار کرائی گئی اراضی پر رکنی ماڈل بازار کی تعمیر کا عمل تیزی سے جاری

رکھنی میں تجاوزات کے خلاف بڑا آپریشن، ساڑھے تین ایکڑ قیمتی سرکاری اراضی واگزار کرا لی گئی

بارکھان/ رکھنی (خ ن) ڈپٹی کمشنر بارکھان سعید الرحمن کاکڑ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر رکنی فہد حسین عمرانی کی زیرنگرانی رکنی شہر میں تجاوزات کے خلاف مؤثر کارروائی عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کے دوران 3.5 ایکڑ قیمتی سرکاری کمرشل اراضی کو غیر قانونی قبضے سے (باقی صفحہ 2 نمبر27)

چین کے خلائی اسٹیشن پر تعیناتی، دو پاکستانی پائلٹس کی تربیت آخری مراحل میں داخل

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان اور چین کے درمیان خلائی تعاون کی نئی تاریخ رقم ہونے جا رہی ہے، کیونکہ چین کے تیانگونگ خلائی اسٹیشن پر جانے والے پہلے غیر ملکی خلاباز کے طور پر کسی ایک پاکستانی کے انتخاب کا وقت قریب آ گیا ہے۔ پاکستانی پائلٹس ذیشان علی اور خرم داد (باقی صفحہ 2 نمبر20)

پاکستان خطے میں سرمایہ کاری کے امکانات کو وسعت دینا چاہتا ہے، احسن اقبال

سنٹرل ایشیا ریجنل اکنامک کوآپریشن اجلاس پاکستان کے لیے وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ معاشی اور تجارتی روابط مزید مضبوط بنانے کا اہم موقع ہے

پاکستان علاقائی رابطوں کے فروغ، جدید انفراسٹرکچر اور نئے تجارتی راستوں کے ذریعے خطے میں تجارت اور سرمایہ کاری کے امکانات کو وسعت دینا چاہتا ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان وسطی ایشیا کے ساتھ تجارت، جدید ریل رابطوں اور نئے تجارتی راستوں کو فروغ دے کر اپنی جغرافیائی پوزیشن کو معاشی ترقی، سرمایہ کاری اور علاقائی رابطوں کے لیے بروئے کار لانا چاہتا ہے۔ پیر کو 'ایکس' پر وفاقی وزیر نے کہا کہ وہ پاکستان کی نمائندگی کے لیے منگولیا کے دارالحکومت اولان باتور میں سنٹرل ایشیا ریجنل اکنامک کوآپریشن اجلاس میں شرکت کے لیے پہنچے ہیں۔ اولان باتور ایئرپورٹ پہنچنے پر منگولیا کی وزارتِ معیشت کے (باقی صفحہ 2 نمبر24)


بلوچستان کی پہلی ماس ٹرانزٹ میٹرو ٹرین
جناح پیپلز ٹرین
عوامی سفری سہولت کی نئی پٹڑی
وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوامی سہولت کے ویژن کے تحت جدید، محفوظ، آرام دہ اور کم خرچ سفری نظام کا آغاز
اہم خصوصیات
- کچلاک تا سریاب 32 کلومیٹر اپ گریڈڈ ریلوے ٹریک
- صرف 120 روز میں تکمیل
- 7 جدید اسٹیشنز
- محفوظ، آرام دہ اور کم خرچ سفر
- طلبہ، ملازمین، عام شہری اور کاروباری افراد کیلئے بہتر آمدورفت
اسٹیشنز
سفری سہولت کا نیا نظام —— ترقی کی راہ پر بلوچستان
GOB
محکمہ تعلقات عامہ، حکومت بلوچستان
SS NO. 06/28-09-2026
DGPR

بلوچستان سے اردو اور بلوچی میں شائع ہونے والا واحد قومی اخبار
Email: guldastabahar@gmail.com
ABC Certified
روزنامہ
گلدستہ بہار کوئٹہ
DAILY GULDASTA BAHAR
ایڈیٹر:۔ کاشف مراد قلندرانی
ایڈیٹر انچیف ایم۔ ندیم قلندرانی نے دفتر روزنامہ گلدستہ بہار قمبرانی روڈ سے شائع کیا
فون نمبر:۔ 03363522116, 03345757077.
E-Address: guldastabahar123@gmail.com

شفافیت، جوابدہی، عوامی شرکت

مرکزی سیکریٹری اطلاعات پیپلز پارٹی ندیم افضل چن نے کہا ہے کہ شفافیت، جوابدہی اور عوامی شرکت کیلیے معلومات تک رسائی ناگزیر ہے۔معلومات تک رسائی کے عالمی دن کی مناسبت سے جاری بیان میں ندیم افضل چن نے کہا کہ معلومات تک رسائی جمہوری معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ شفافیت، جوابدہی اور عوامی شرکت کے لیے معلومات تک رسائی ناگزیر ہے، باخبر عوام اپنے حقوق اور قومی معاملات پر بہتر فیصلے کرسکتے ہیں۔پی پی رہنما نے مزید کہا کہ درست، بروقت، قابلِ اعتماد معلومات کی فراہمی ریاستی اداروں کی ذمے داری ہے۔اُن کا کہنا تھا کہ پاکستان میں افسوس کے ساتھ اس قانون پر عمل اس کی روح کے مطابق نہیں ہورہا،سوشل میڈیا دور میں معلومات کی تصدیق اور ذمے دارانہ ابلاغ وقت کی ضرورت ہے۔مرکزی سیکریٹری اطلاعات پیپلز پارٹی ندیم افضل چن نے کہا ہے کہ شفافیت، جوابدہی اور عوامی شرکت کیلیے معلومات تک رسائی ناگزیر ہے۔معلومات تک رسائی کے عالمی دن کی مناسبت سے جاری بیان میں ندیم افضل چن نے کہا کہ معلومات تک رسائی جمہوری معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ شفافیت، جوابدہی اور عوامی شرکت کے لیے معلومات تک رسائی ناگزیر ہے، باخبر عوام اپنے حقوق اور قومی معاملات پر بہتر فیصلے کرسکتے ہیں۔پی پی رہنما نے مزید کہا کہ درست، بروقت، قابلِ اعتماد معلومات کی فراہمی ریاستی اداروں کی ذمے داری ہے۔اُن کا کہنا تھا کہ پاکستان میں افسوس کے ساتھ اس قانون پر عمل اس کی روح کے مطابق نہیں ہورہا،سوشل میڈیا دور میں معلومات کی تصدیق اور ذمے دارانہ ابلاغ وقت کی ضرورت ہے۔

بقیہ 1

اور معقول پابندیوں سے مشروط ہے۔آصف علی زرداری نے کہا کہ رائٹ آف ایکسیس ٹو انفارمیشن ایکٹ 2017 وفاقی سطح پر معلومات تک رسائی کے لئے قانونی فریم ورک فراہم کرتا ہے، تاہم ڈیجیٹل پلیٹ فارمز، مصنوعی ذہانت اور دیگر ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کی تیز رفتار ترقی نے معلومات کی تیاری، ترسیل اور استعمال کے طریقہ کار کو تبدیل کردیا ہے۔صدر مملکت نے کہا کہ موجودہ دور میں چیلنج صرف معلومات کی دستیابی نہیں بلکہ شہریوں کے لئے قابلِ اعتماد معلومات اور جھوٹی، گمراہ کن یا مصنوعی طور پر تبدیل شدہ معلومات کے درمیان فرق کرنا بھی ہے۔انہوں نے کہا کہ مختلف ریاستی و غیر ریاستی عناصر، دہشت گرد اور جرائم پیشہ نیٹ ورکس جبکہ بے قابو اور حد سے زیادہ طاقتور ٹیکنالوجی کمپنیاں معلومات کو مسخ یا اپنے مقاصد کے لئے استعمال کرسکتی ہیں۔صدر مملکت نے کہا کہ اس صورتحال میں عوام دوست صحافیوں، میڈیا اداروں، ابلاغی ماہرین، محققین اور دیگر ماہرین کا کردار مزید اہم ہوگیا ہے، جو شہریوں کو تیزی سے بدلتے ہوئے معلوماتی ماحول میں درست معلومات تک رسائی میں مدد دے سکتے ہیں۔انہوں نے زور دیا کہ شہریوں کے حقِ معلومات کا تحفظ یقینی بناتے ہوئے یہ امر بھی ملحوظ رکھا جائے کہ منافع پر مبنی غلط اور گمراہ کن معلومات کے تدارک کی کوششیں عوامی مفاد میں صحافت، منصفانہ تنقید اور بامعنی عوامی مباحثے کو دبانے کا ذریعہ نہ بنیں۔آصف علی زرداری نے کہا کہ سرکاری اداروں کی شفافیت، جوابدہی اور ذمہ دارانہ ابلاغ ناگزیر ہے، شہریوں کو خصوصا ان معاملات پر معتبر ذرائع سے قابلِ اعتماد معلومات حاصل ہونی چاہئیں جو براہ راست ان کی زندگیوں کو متاثر کرتے ہیں۔

بقیہ 2

رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں ایرانی فوجی کمانڈر کے اس دعوے کو غلط قرار دیا کہ پاسداران انقلاب آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول رکھتی ہے۔سینٹکام کے بیان میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ آبنائے ہرمز پر ایران کے مکمل کنٹرول کا دعویٰ حقیقت کے برعکس ہے کیوں کہ امریکی افواج ایرانی بحریہ کو تباہ کرچکی ہیں اور اب ایران کے پاس بحریہ موجود نہیں ہے۔امریکی فوج کے بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ مطابق گزشتہ چند ماہ کے دوران آبنائے ہرمز سے ایک ارب بیرل سے زائد تیل گزر چکا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ایران اس اہم تزویراتی بحری گزرگاہ پر مکمل کنٹرول نہیں رکھتا۔

بقیہ 3

، پی ٹی آئی نے 13 سال حکومت کی، خیبر پختونخوا کے عوام نے جس مقصد کیلئے پی ٹی آئی کو ووٹ دیا، وہ نظر نہیں آرہا۔انہوں نے کہا کہ موجودہ وزیراعلیٰ کا کوئی تجربہ نہیں ہے، وزیراعلیٰ کو صرف دو ٹارگٹ دیئے گئے ہیں، ایک جتنا لوٹ سکتے ہو لوٹو، دوسرا قیدی کی رہائی، صوبے میں تعلیم، صحت اور بنیادی سہولتیں نہیں دی جارہیں، سہیل آفریدی کی حکومت کو ابھی تک یہی معلوم نہیں کہ انہوں نے کرنا کیا ہے۔وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ صوبے میں سب سے بڑا مسئلہ امن و امان کا ہے، امن نہ ہو تو ترقی کی طرف آگے بڑھنا مشکل ہے، امن کے قیام کے لیے مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے، قیام امن اور عوامی مسائل کے حل پر توجہ دینا ضروری ہے، ہم یہاں رہتے ہیں اور زمینی حقائق کی بنیاد پر بات کرتے ہیں،انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے واقعات پر پی ٹی آئی قیادت کے بیانات پر سوالات اٹھتے ہیں، سکیورٹی اہلکار جانیں دے رہے ہیں، ان کی قربانیوں کو کمتر ظاہر نہیں کرنا چاہیے، ہم بہت سوچ سمجھ کر جلسوں اور دیگر سرگرمیوں میں شرکت کرتے ہیں، ہمارے لئے ہر موقع پر سکیورٹی ایک بڑا مسئلہ ہوتا ہے، پی ٹی آئی کے جلسوں اور ریلیوں میں دہشتگردی کے واقعات کیوں پیش نہیں آئے؟ پی ٹی آئی قیادت کو کے پی میں سرگرمیوں کے دوران سکیورٹی خدشات کیوں نہیں ہوتے۔ان کا کہنا ہے کہ ہم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنے لوگوں اور کارکنوں کی شہادتیں دیکھ چکے، مختلف سیاسی جماعتوں کے کارکنوں اور رہنماں کے خاندان بھی دہشتگردی سے متاثر ہوئے، یہاں کے عوام کی تکلیف ہم سب کی تکلیف ہے، ایک کٹھ پتلی وزیراعلی عوام کے مینڈیٹ کی حفاظت نہیں کرسکتا، سہیل آفریدی کیٹرز حکومت سے لگتا ہے کہ صوبائی حکومت دہشتگردوں سے مل گئی ہے، آج پورے صوبے میں دہشتگردوں کا راج ہے۔امیر مقام نے کہا کہ آئین کے خلاف قانون سازی منظور نہیں، وزیراعلی سہیل آفریدی آئی جی پی اور چیف سیکرٹری کو اپنا ماتحت بنانا چاہتے ہیں، صوبائی حکومت آئی جی سے ڈی ایس پی تک پولیس پر کنٹرول چاہتی ہے، ایسے اقدامات سے پولیس کا مورال متاثر ہوگا۔ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ راستے بند ہیں، خیبر پختونخوا کے عوام مشکلات میں ہیں، وزیراعلی نے پہلے 27 ستمبر کی تاریخ دی، ہمیں بھی پتا چلے کہ کتنی عوام ان کے ساتھ کھڑی ہے۔انہوں نے کہا کہ طالبان کو دوبارہ واپس لانے اور افغانستان سے بات چیت پر بھی زور دیا جارہا ہے، تھانوں کی قیمتیں لگانے کے لئے پولیس کو اپنے ماتحت کیا جارہا ہے، دہشتگردی کے خلاف صوبائی حکومت کی کوئی حکمت عملی نظر نہیں آتی، شہدا سے متعلق بیان نے فوج اور پوری قوم کے جذبات مجروح ہوئے، پی ٹی آئی ہمیشہ کالعدم ٹی ٹی پی اور دہشتگردوں سے مذاکرات کی بات کرتی ہے، دہری پالیسی اور معیار کا نشانہ عوام اور سیکیورٹی فورسز بنتی ہیں۔رہنما مسلم لیگ ن کا کہنا تھا کہ سہیل آفریدی کٹھ پتلی وزیراعلی بنا ہوا ہے، وزیراعلی ہاؤس میں عوام کی فلاح کیلئے کچھ نہیں، صرف لانگ مارچ کے لئے ٹھیکیداروں سے چندہ جمع کیا جارہا ہے، لانگ مارچ کی وجہ سے خیبر پختونخوا اور اسلام آباد بند ہیں، باقی ملک میں معمول کی سرگرمیاں جاری ہیں۔امیر مقام نے کہا کہ 27 ستمبر کو نکلنا تھا لیکن جب رپورٹ آئی کہ کوئی نہیں نکلے گا تو لانگ مارچ 4 اکتوبر تک ملتوی کردیا، سہیل آفریدی مدد کیلئے سابق وزیراعلی علی امین گنڈاپور کے پاس پہنچ گئے، سہیل آفریدی کا آگے چلنا ناممکن ہے، سہیل آفریدی صاحب آپ مزید وزیراعلی نہیں رہ سکتے، گورنر راج ایک آپشن ہے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ اندرونی اور بیرونی تباہی پر سہیل آفریدی کو جانا ہوگا، سہیل آفریدی کے غیرقانونی اقدامات کے باعث گورنر راج کے تمام قانونی تقاضے پورے ہیں، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نفیس آدمی ہیں، باقی کسی بھی وقت کچھ بھی ہوسکتا ہے، کوئی آپشن چلے یا نہ چلے، سہیل آفریدی نہیں چل سکے گا، سہیل آفریدی نہ پارٹی کے اندر ہوگا اور نہ پارٹی کے باہر، سہیل آفریدی وزارت اعلیٰ سے ہٹنے کے بعد لوٹ مار کے جرم میں جیل کے اندر ہوگا۔ایک سوال کے جواب میں امیر مقام کا کہنا تھا کہ مذاکرات کی بات تو شہباز شریف نے اپوزیشن لیڈر رہتے ہوئے بھی کی تھی،ایک قیدی کے ساتھ مذاکرات نہیں ہوسکتے، یہ مجرم ہے، عدالت جائے، ایشوز پر مذاکرات کیلئے تیار ہیں، لیکن ایک مجرم کے یک نکاتی ایجنڈے پر مذاکرات نہیں کرسکتے۔

بقیہ 4

پی ٹی وی ہیڈکوارٹرز میں پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔سینیٹر طلال چوہدری نے بتایا کہ ڈی آئی خان چیک پوسٹ حملے میں سکیورٹی اہلکاروں سمیت معصوم سویلینز، خواتین، بچے اور غیر مسلح ریسکیو اہلکار شہید ہوئے، ہلاک دہشت گرد کا نادرا میں کوئی ریکارڈ نہیں ملا، تاہم اوپن سورس انٹیلی جنس کے ذریعے تصدیق ہوئی کہ اس کی تصویر کابل کے ایک چوک کی ہے، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ پراکسیز مشرقی سرحد سے فنڈ اور مغربی سرحد کی محفوظ پناہ گاہوں سے آپریٹ ہورہی ہیں۔وزیر مملکت نے کہا کہ پاکستان نے دوطرفہ سطح، بین الاقوامی فورمز، ڈوزیئرز اور مذاکرات کے ذریعے بارہا کابل انتظامیہ کو سمجھایا لیکن افغان عبوری حکومت نے اپنی سرزمین کا پاکستان کے خلاف استعمال نہیں روکا، معصوم شہریوں اور ریسکیو اہلکاروں پر حملے ڈالروں کے عوض کی جانے والی کھلی دہشت گردی ہے۔انہوں نے وزیراعلی خیبر پختونخوا کے دورہ ڈی آئی خان پر سوال اٹھایا کہ اتنی طویل پریس کانفرنس میں وزیراعلی نے افغانستان کا نام لے کر مذمت کیوں نہیں کی؟ صوبائی قیادت دہشت گردوں کے خلاف آخر کیوں نرم گوشہ اپنائے ہوئے ہے؟انہوں نے کہا کہ کے پی کی سیاسی قیادت 14 سال سے سکیورٹی فورسز کی پشت پر کھڑی نہیں ہوئی۔کے پی حکومت بتائے کہ این ایف سی کے تحت ملنے والے 800 ارب روپے کہاں خرچ ہوئے؟ صوبے میں سی ٹی ڈی آج بھی کرائے کے مکانوں میں ہے اور فورسز کے پاس نہ بلٹ پروف گاڑیاں ہیں، نہ جیکٹس اور نہ ہی جدید ٹریننگ، جبکہ پولیس ایکٹ میں ترامیم کے ذریعے پولیس سے اختیارات بھی چھیننے کی کوشش کی گئی۔انہوں نے کہا کہ کے پی قیادت سکیورٹی اجلاسوں، اے پی سی اور نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم میٹنگز میں شرکت نہیں کرتی، صرف این ایف سی فنڈز مانگنے اسلام آباد آتی ہے، جب صوبائی حکومت قومی سلامتی کے فورمز سے راہ فرار اختیار کرے گی اور دشمن کا نام لینے سے کترائے گی تو دہشت گردی کے خلاف جنگ کیسے جیتی جائے گی؟صحافیوں کے سوالات کے جواب دیتے ہوئے طلال چوہدری نے واضح کیا کہ اسلام آباد کے 325 راستوں میں سے کوئی بند نہیں کیا گیا، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور عدالتی احکامات کے تحت کنٹینرز سمیت احتیاطی انتظامات رکھے گئے ہیں جنہیں ضرورت پڑنے پر استعمال کیا جائے گا، جبکہ سامان والے کنٹینرز روکنے کی کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی۔ایک اور سوال پر انہوں نے کہا کہ فرانزک لیبز، سیف سٹیز اور جدید آلات کے بغیر امن قائم نہیں ہوسکتا، مگر کے پی کے آدھے سے زائد اضلاع میں آج بھی سی ٹی ڈی موجود نہیں۔دہشت گردی سے شدید متاثرہ پشاور میں صرف 25 کیمرے تھے اور پہلا سیف سٹی پروجیکٹ اب مکمل ہونے کے قریب ہے۔پنجاب نے سی ٹی ڈی اور سیف سٹیز بنا کر دہشت گردی کا خاتمہ کیا جبکہ کے پی حکومت نے 14 سال میں ادارے قائم نہیں کیے۔انہوں نے کہا کہ وہ جلد وفاقی وزیر اطلاعات کے ہمراہ نیشنل ایکشن پلان کے 14 نکات پر وفاق اور صوبوں کی کارکردگی پر تفصیلی بریفنگ دیں گے۔

بقیہ 5

عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی، تاہم پارٹی کے مطابق عوام نے ان کوششوں کو مسترد کیا اور 2024 کے انتخابات میں پارٹی کے نامزد امیدواروں کو کارکردگی کی بنیاد پر ووٹ دیے۔ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے بیان میں مزید الزام عائد کیا گیا ہے کہ پارٹی کی سیاسی کارکردگی سے خوفزدہ عناصر نے انتخابی نتائج پر اثرانداز ہونے کی کوشش کی اور پارٹی قیادت و کارکنوں کے خلاف مقدمات قائم کرکے انہیں جمہوری سیاسی جدوجہد سے ہٹانے کی کوشش کی گئی۔بیان میں کہا گیا کہ اس سے قبل بھی پارٹی قیادت اور کارکنوں کے خلاف مقدمات کے ذریعے انہیں کوئٹہ کے شہریوں کے حقوق کی جدوجہد سے دستبردار کرانے کی کوششیں کی جاتی رہی ہیں، تاہم قیادت اور کارکنوں نے ثابت قدم رہتے ہوئے قانونی اور سیاسی جدوجہد جاری رکھی۔پارٹی نے عبدالخالق ہزارہ کو مقدمے سے بری ہونے پر قیادت اور کارکنوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ کے شہریوں کے حقوق کے لیے جمہوری اور سیاسی جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 6

پاکستان مضطرب عوام کے لئے بہترین چوائس بن کر سامنے آئی ہے۔انہوں نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف وطن واپسی پر وقت ضائع کیے بغیر امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان سے مذاکرات کریں۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت پیٹرول پر عائد لیوی ٹیکس فوری طور پر ختم کرے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے۔لیاقت بلوچ نے خبردار کیا کہ حکومتی ٹال مٹول جاری رہی تو نہ صرف سپر لانگ مارچ ہوگا بلکہ حکومت کے خاتمے کے لیے ملک گیر تحریک بھی شروع ہوسکتی ہے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ ملک اس وقت شدید بحران کا شکار ہے اور اس کی بنیادی وجہ نظام کی ناکامی ہے۔

بقیہ 7

کی جانب سے 27 ستمبر کے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کرنے کے اعلان کے پیش نظر بند کی گئی تھی۔موٹروے ایم ون اسلام آباد ٹول پلازہ سے چھچھ انٹرچینج تک بند کی گئی تھی۔اس کے علاوہ موٹروے ایم 14 ہکلہ سے کنڈل تک دونوں اطراف سے بند کی گئی تھی، جبکہ ہکلہ، فتح جنگ، پنڈی گھیب، کھڑپہ، تراپ، داد خیل، کوٹ بیلیاں، عیسی خیل اور کنڈل انٹرچینج بھی بند رکھے گئے تھے۔جی ٹی روڈ این 5 بھی اٹک خورد کے مقام سے ٹریفک کے لیے بند کردی گئی تھی۔پی ٹی آئی کی جانب سے لانگ مارچ 4 اکتوبر تک ملتوی کرنے کا اعلان کے 3 دن بعد موٹروے ٹریفک کیلئے کھول دی گئی۔نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹروے پولیس کے ترجمان کے مطابق موٹروے ایم 14 پر ہکلہ تا کنڈل سیکشن کی بحالی کا کام تاحال جاری ہے۔اسی طرح موٹروے ایم ون سے ہزارہ موٹروے کو ملانے والے لوپ پر بھی بحالی کا کام جاری ہے۔ترجمان کے مطابق اسلام آباد سے ایبٹ آباد جانے والی ٹریفک ایم ون کے ذریعے برہان انٹرچینج سے باہر نکل کر جی ٹی روڈ کے راستے حسن ابدال پہنچ سکتی ہے، جہاں سے جھاری کس انٹرچینج کے ذریعے دوبارہ ہزارہ ایکسپریس وے پر داخل ہوا جاسکتا ہے۔

بقیہ 8

طور پر کوئی باضابطہ بیان جاری نہیں کیا گیا۔رپورٹس کے مطابق یہ دورہ پہلے سے عوامی طور پر اعلان نہیں کیا گیا تھا۔اسرائیلی میڈیا کے مطابق نتن یاہو نے نجی طیارے کے ذریعے ابوظہبی کا سفر کیا اور تقریبا ایک روز وہاں قیام کے بعد واپس اسرائیل روانہ ہوگئے۔ تاہم ملاقات کے ایجنڈے یا دونوں رہنماں کے درمیان ہونے والی گفتگو کی تفصیلات فوری طور پر سامنے نہیں آئی ہیں۔یہ ملاقات ایسے وقت میں ہوئی ہے جب اسرائیل اور متحدہ عرب امارات کے درمیان تعلقات کے ساتھ ساتھ خطے کی سکیورٹی صورتحال بھی عالمی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔دونوں ممالک نے 2020 میں ابراہام معاہدوں کے تحت سفارتی تعلقات قائم کیے تھے اور اس کے بعد مختلف شعبوں میں روابط برقرار رہے ہیں۔نتن یاہو کا یہ دورہ ایک حالیہ تنازع کے پس منظر میں بھی سامنے آیا ہے۔اسرائیلی اخبار ہاریٹز نے رواں ماہ رپورٹ کیا تھا کہ شیخ محمد بن زاید نے 7 اکتوبر 2023 کے حماس حملے سے تقریبا ڈیڑھ ہفتہ قبل نتن یاہو کو حماس کی جانب سے بڑے آپریشن کی مبینہ تیاری سے آگاہ کیا تھا۔اسرائیلی وزیراعظم نے اس رپورٹ کی تردید کی ہے، جبکہ متحدہ عرب امارات نے اس معاملے پر براہ راست تبصرہ نہیں کیا۔رائٹرز کے مطابق دونوں ممالک کے درمیان سکیورٹی معاملات پر رابطے برقرار رہے ہیں، تاہم ایک اماراتی ذریعے نے ماضی میں کہا تھا کہ ایسے معاملات متعلقہ اداروں کے ذریعے زیر بحث آتے ہیں، قومی رہنماں کی سطح پر نہیں۔تازہ ملاقات کے حوالے سے دونوں حکومتوں کی جانب سے مزید تفصیلات سامنے آنے کا انتظار ہے۔

بقیہ 9

دھابیجی صنعتی تنصیب فروری 2026 سے بند تھی جس سے کمپنی کو مالی نقصان کا سامنا رہا۔کمپنی نے اپنی صنعتی تنصیب سے متعلق معاملے کے حل میں ایس آئی ایف سی کی مداخلت اور تعاون کو سراہا۔ایس آئی ایف سی نے بروقت مداخلت اور متعلقہ حکام سے رابطہ کاری کے ذریعے معاملہ حل کروایا۔واضح رہے کہ ایس آئی ایف سی کی معاونت سے غیرملکی سرمایہ کاروں کا پاکستان پر اعتماد بحال ہورہا ہے۔

بقیہ 10

نے پر مجبور ہیں۔میڈیا رپورٹس بحوالہ سرکاری دستاویزات کے مطابق عوام پر پیٹرولیم مصنوعات کی خریداری پر ٹیکسوں اور مارجنز کا بھاری بوجھ ڈالا گیا ہے، ایک لیٹر پیٹرول پر مجموعی طور پر 134 روپے 44 پیسے کی لیوی، ٹیکس اور مارجنز وصول کیے جارہے ہیں، اس میں 1 روپیہ 90 پیسے ایکسچینج ایڈجسٹمنٹ کے بھی شامل کیے گئے ہیں، عالمی اور مقامی مارکیٹ کے لحاظ سے پیٹرول کی اصل فی لیٹر لاگت 254 روپے 96 پیسے بنتی ہے، تاہم حکومت نے صارفین کے لیے پیٹرول کی فی لیٹر قیمت 391 روپے 30 پیسے مقرر کررکھی ہے۔بتایا گیا ہے کہ ایک لیٹر پیٹرول کی فروخت پر شہریوں سے 80 روپے پیٹرولیم لیوی، 5 روپے کلائمیٹ سپورٹ لیوی اور 23 روپے 68 پیسے کسٹمز ڈیوٹی وصول کی جارہی ہے، اس کے علاوہ ان لینڈ فریٹ ایکولائزیشن مارجن کی مد میں 7 روپے 91 پیسے، آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کا مارجن 7 روپے 87 پیسے اور ڈیلرز کا مارجن 9 روپے 98 پیسے فی لیٹر صارفین سے چارج کیا جارہا ہے۔سرکاری دستاویزات سے پتہ چلتا ہے کہ ڈیزل کی لاگت پر بھی ٹیکسوں کا نفاذ بے تحاشا ہے، ایک لیٹر ہائی اسپیڈ ڈیزل پر 122 روپے 68 پیسے کی لیوی، ٹیکسز اور مختلف مارجنز عائد ہیں، اگرچہ ایک لیٹر ہائی اسپیڈ ڈیزل کی اصل لاگت 285 روپے 85 پیسے بنتی ہے لیکن ٹیکسوں کی بھاری بھرکم وصولی کے باعث عوام کے لیے ڈیزل کی فی لیٹر قیمت اس وقت 408 روپے 53 پیسے کے ریکارڈ لیول پر پہنچ چکی ہے۔اس بھاری ٹیکسیشن نے نہ صرف مہنگائی کے مارے عوام کی کمر توڑ دی ہے بلکہ ٹرانسپورٹ اور زراعت کے شعبے کو بھی شدید بحران سے دوچار کردیا۔

بقیہ 11

جاری رہا۔ڈاکوؤں کی جانب سے کی جانے والی اندھا دھند فائرنگ کے نتیجے میں ایک مسافر جاں بحق جبکہ ایک پولیس اہلکار اور ایک مسافر شدید زخمی ہوگئے پولیس کی سخت جوابی کارروائی پر ڈاکو پسپا ہو کر رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے فائرنگ کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیموں نے جاں بحق شخص اور زخمیوں کو فوری طور پر ڈی ایچ کیو ہسپتال سبی منتقل کردیا جاں بحق مسافر جمل خان ولد نبی بخش سکنہ نواب شاہ، سندھ زخمی مسافر نجیب اللہ ولد شفیع محمد سکنہ نواب شاہ، سندھ اور زخمی پولیس اہلکار محمد ایاز سکنہ کچھی کے نام سے ہوئی ہے واقعے کے فورا بعد ایس ایچ او پولیس حاجی شہر مٹھڑی کی قیادت میں پولیس جوانوں نے علاقے کی ناکہ بندی کر کے فرار ہونے والے ڈاکوؤں کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن شروع کردیا ہے۔

بقیہ 12

سے مذاکرات کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں، تاہم ہتھیار اٹھانے والوں سے مذاکرات نہیں ہوسکتے۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسئلے کو حقائق اور تاریخی تناظر میں سمجھنے کی ضرورت ہے، کیونکہ غلط بیانیے کی بنیاد پر صوبے کے حالات کا درست تجزیہ ممکن نہیں۔میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے پاکستان کے ساتھ الحاق کے حوالے سے بھی تاریخی حقائق کو درست تناظر میں دیکھنے کی ضرورت ہے۔خان آف قلات نے اپنی کتاب میں خود لکھا ہے کہ بلوچستان کا الحاق ان کی رضامندی سے ہوا تھا انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی تاریخ کو سمجھنے کے لیے تاریخی حقائق اور اصل ماخذ کا مطالعہ ضروری ہے وزیراعلی بلوچستان نے بیوروکریسی کی جانب سے صوبے میں خدمات انجام دینے کے حوالے سے بعض تحفظات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب سے بعض بیوروکریٹس بلوچستان آنا پسند نہیں کرتے۔انہوں نے کہا کہ جب تک افسران گراؤنڈ پر آ کر حالات کا مشاہدہ نہیں کریں گے انہیں زمینی حقائق کا درست علم کیسے ہوگا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے مسائل اور وہاں کے عوام کی ضروریات کو سمجھنے کے لیے زمینی حقائق سے آگاہی ضروری ہے پالیسی سازی اور انتظامی فیصلوں میں مقامی حالات، عوامی ضروریات اور حقیقی مسائل کو سامنے رکھنا ہوگا۔

بقیہ 13

93.7 فیصد رہا۔ 2. 2026 کی پہلی ششماہی میں 175 پولیس اہلکار زخمی ہوئے، 2025 کی اسی مدت میں تعداد 84 تھی، اضافہ 108.3 فیصد رہا۔ 3. خیبر پختونخوا میں جنوری تا ستمبر 2026 دہشت گرد حملوں کی تعداد 680 رہی، 2025 کی تقابلی مدت میں 508 حملے ہوئے، اضافہ 33.9 فیصد رہا۔ 4. بڑھتے حملوں اور پولیس کے جانی نقصان نے صوبائی حکومت کی حفاظتی حکمتِ عملی اور ادارہ جاتی تیاری پر سنگین سوالات کھڑے کردیے۔ 5. ستمبر 2026 میں کوہاٹ کے سی ٹی ڈی اور اسپیشل برانچ کے دفاتر پر حملہ؛ انسداد دہشت گردی کے اہم مرکز کا تحفظ بھی سوال بن گیا۔ 6. سی ٹی ڈی کے آلات کے لیے 7 ارب 77 کروڑ روپے منظور؛ جون 2026 تک 7 ارب 5 کروڑ روپے جاری، 72 کروڑ روپے کا فرق برقرار رہا۔ 7. فنڈز کا اجرا اپنی جگہ، آلات کی فراہمی اور عملی استعمال کی تفصیلات کہاں ہیں؟ سی ٹی ڈی کی تیاری پر جواب طلب سوال۔ 8. دسمبر 2025 کی رپورٹ میں سی ٹی ڈی کی 3,844 منظور شدہ آسامیوں پر 3,113 اہلکار تعینات؛ تقریبا 19 فیصد آسامیاں خالی تھیں۔ 9. جون 2026 تک بھی سی ٹی ڈی کے 638 فیلڈ آپریٹرز کی خالی آسامیوں پر بھرتی مکمل نہ ہوسکی؛ خصوصی نفری کی کمی دور کرنے میں تاخیر برقرار رہی۔ 10. سی ٹی ڈی کی حفاظتی گاڑیوں کا تقابل: خیبر پختونخوا میں 17، پنجاب میں 76 اور بلوچستان میں 42 بلٹ پروف گاڑیاں رپورٹ ہوئیں۔ 11. دسمبر 2025 تک خیبر پختونخوا سی ٹی ڈی کے پاس 200 مطلوبہ ایم فور رائفلوں کے مقابلے میں صرف 9 دستیاب تھیں؛ ضرورت کا محض 4.5 فیصد۔ 12. دسمبر 2025 تک خیبر پختونخوا سی ٹی ڈی کے لیے درکار 35 نائٹ ویژن آلات کے مقابلے میں صرف 11 دستیاب تھے؛ ضرورت کا تقریبا 31.4 فیصد۔ 13. جولائی 2026 میں زخمی پولیس افسر کی بہتر ہتھیاروں کی اپیل؛ فرنٹ لائن نفری تک موزوں سازوسامان کی بروقت فراہمی پر سوال اٹھا۔ 14. وزیراعلی نے عہدہ سنبھالنے کے 112 دن بعد صوبائی ایپکس کمیٹی کے پہلے اجلاس کی صدارت کی۔

بقیہ 14

جہاں کیس کی مزید کارروائی جاری ہے۔عدالت میں پیشی کے موقع پر حماد اظہر نے پریزن وین سے میڈیا سے مختصر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم بانی پی ٹی آئی کے ساتھ کھڑے ہیں۔

بقیہ 15

کالعدم تنظیموں کے بیانیے کے فروغ اور سیکورٹی اداروں و حکومت کے خلاف مبینہ طور پر ہرزہ سرائی کرنے کے الزام میں گرفتار کیا گیا تھا، جس پر اب عدالت نے قانونی کارروائی کے بعد ان کی ضمانت منظور کرنے کا حکم صادر کیا ہے۔

بقیہ 16

فوجی زخمی ہوئے، امریکی حکام کی تصدیق کی ہے کہ ایرانی فوج نے امریکی جہاز کو کروز میزائل سے نشانہ بنایا تھا۔واضح رہے کہ رواں ماہ امریکی اخبار واشنگٹن پوسٹ نے اپنی ایک رپورٹ میں دعوی کیا تھا کہ ایران جنگ میں کم از کم 22 امریکی فوجی ہلاک ہو چکے ہیں۔رپورٹ کے مطابق ایران جنگ میں امریکی فوجیوں کی ہلاکتیں پینٹاگون کی جانب سے جاری کردہ اعداد و شمار سے کہیں زیادہ ہیں۔دوسری جانب امریکا نے ایران سے جنگ میں 18 فوجیوں کی ہلاکت اور 417 کے زخمی ہونے کا اعتراف کیا تھا۔امریکی محکمہ دفاع کے انسپکٹر جنرل کے مطابق یہ ہلاکتیں جنگ کے پہلے 4 ماہ میں ہوئیں، اسی مدت میں ایرانی حملوں میں 18 امریکی جنگی طیارے، ہیلی کاپٹرز اور 30 ڈرون تباہ ہوئے۔رپورٹ کے مطابق 28 فروری سے 30 جون 2026 کے درمیان 11 امریکی فوجی جنگی کارروائیوں میں جبکہ 7 فوجی غیر جنگی واقعات میں جان سے گئے۔

بقیہ 17

سی آر ٹی کی تشکیل شروع کردی۔وفاقی سی آر ٹی نیشنل سی آر ٹی کے زیرنگرانی کام کرے گا۔سائبر خطرات کی نگرانی، حملوں کی نشاندہی اور فوری ردعمل وفاقی سی آر ٹی کی ذمہ داری ہوگی۔وفاقی سی آر ٹی وفاقی اداروں کو سائبر حملوں سے تحفظ کی خدمات فراہم کرے گا اور سرکاری اداروں میں سائبر سیکیورٹی رابطہ کاری اور خطرات سے متعلق معلومات کا تبادلہ یقینی بنائے گا۔سرکاری ڈیجیٹل انفرااسٹرکچر کے تحفظ کیلئے ماہر سائبر سیکیورٹی پروفیشنلز وفاقی سی آر ٹی کا حصہ ہوں گے۔نیشنل سی آر ٹی نے وفاقی سی آر ٹی کیلئے ڈائریکٹر سمیت سائبر سیکیورٹی ماہرین کی بھرتیوں کا عمل بھی شروع کردیا ہے۔

بقیہ 18

میں انہوں نے شہید پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائیاں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں قوم کے غیر متزلزل عزم کو کمزور نہیں کرسکتیں، پولیس اہلکاروں نے فرائض کی ادائیگی کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا،شہید پولیس اہلکاروں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی،شہید پولیس اہلکاروں کی قربانیاں دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پولیس فورس کے عزم کی عکاس ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لئے قانون نافذ کرنے والے ادارے اور قوم متحد ہے۔سپیکر قومی اسمبلی نے شہید پولیس اہلکاروں کے اہلخانہ سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا اور کہا کہ شہید پولیس اہلکاروں کے اہلخانہ کے غم اور دکھ میں برابر کا شریک ہوں۔سپیکر قومی اسمبلی نے شہدا کے درجات کی بلندی اور لواحقین کے لئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

بقیہ 19

ملاقات کی گئی۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر سیوی میر بہادر خان بنگلزئی سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) کے تحت یونیورسٹی میں قائم کی گئی ڈیجیٹل آئی ٹی لیب کا تفصیلی معائنہ کیا۔لیب میں 55 جدید لیپ ٹاپس، 2 ایل ای ڈی اسکرینز، سولر سسٹم اور ایئر کنڈیشنز نصب کیے گئے ہیں، جو طلبہ کو جدید تعلیمی و تکنیکی سہولیات فراہم کریں گے۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی نے کہا کہ BSDI کے تحت میر چاکر خان رند یونیورسٹی میں ڈیجیٹل آئی ٹی لیب کا قیام علاقے کے طلبہ کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے، جس سے وہ جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرسکیں گے۔انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان تعلیمی معیار کو بلند کرنے اور طلبہ کو عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے پرعزم ہے، اور سیوی میں تعلیمی و تکنیکی بنیادی ڈھانچے کی بہتری کے لیے مزید اقدامات کیے جائیں گے۔وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ممتاز علی بلوچ نے ڈپٹی کمشنر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ڈیجیٹل لیب کے قیام سے یونیورسٹی کے طلبہ کو تحقیق اور جدید تعلیمی سرگرمیوں میں بڑی مدد ملے گی۔

بقیہ 20

بیجنگ کے چائنا ایسٹروناٹ ریسرچ اینڈ ٹریننگ سینٹر میں کئی ماہ سے چینی زبان سیکھنے سمیت سخت اور جامع تربیت حاصل کررہے ہیں۔یہ خلائی مشن دونوں ممالک کے درمیان 2019 میں طے پانے والے تعاون کا حصہ ہے۔پاکستان کے خلائی ادارے سپارکو میں انسان بردار خلائی تعاون کے سربراہ عامر گیلانی کے مطابق حتمی خلاباز کے نام کا فیصلہ اکتوبر کے وسط یا آخر تک متوقع ہے۔پاکستان کے لئے یہ تاریخ میں پہلا موقع ہوگا کہ اس کا کوئی شہری خلا میں پرواز کرے گا۔منتخب ہونے والا پائلٹ پاکستان واپس آئے بغیر براہ راست چین سے خلائی مشن پر روانہ ہوگا اور زمین پر واپسی کے بعد صحت یابی کے عمل سے گزر کر وطن لوٹے گا۔سپارکو کے آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے ڈائریکٹر عزیر انصاری نے بتایا کہ ابتدائی طور پر پائلٹوں اور سائنس دانوں کے بڑے پول میں سے 42 فائنلسٹس منتخب کیے گئے، جن کا طبی معائنہ اور نفسیاتی ٹیسٹ لیا گیا۔انہوں نے وضاحت کی کہ سائنس دانوں میں تیز رفتار پرواز اور شدید جسمانی دبا برداشت کرنے کی صلاحیت کم ہوتی ہے،اس لئے فائٹر پائلٹس کا انتخاب کیا گیا۔خلا میں جانے والا پاکستانی خلاباز پے لوڈ اسپیشلسٹ کی ذمہ داریاں سنبھالے گا، جس کا بنیادی کام خلائی جہاز چلانے کے بجائے پاکستان کے سائنسی تجربات کو سرانجام دینا ہوگا۔کراچی، لاہور اور اسلام آباد کی یونیورسٹیوں کی جانب سے بھیجی گئی 300 سے زائد تجاویز میں سے چینی اداروں نے چار بائیوٹیکنالوجی تجربات کا انتخاب کیا ہے، جو غذائی تحفظ اور موسمیاتی تبدیلی کے چیلنجز سے نمٹنے میں مدد دیں گے۔عزیر انصاری نے کہا کہ یہ ہمارے سائنس دانوں کے لیے زندگی میں ایک بار ملنے والا انتہائی نایاب موقع ہے، جہاں پاکستانی ٹیکنالوجی کو عالمی پلیٹ فارم پر جانچا جارہا ہے۔اگرچہ پاکستان کا اپنا کوئی خلائی جہاز یا راکٹ نہیں ہے اور یہ مشن مکمل طور پر چینی ٹیکنالوجی، زبان اور رہنمائی پر منحصر ہے، تاہم یہ شراکت داری انتہائی وسیع ہے۔چین اور پاکستان کا یہ تعاون خلائی اسٹیشن تک ہی محدود نہیں بلکہ 2028 کے قریب چین کے چانگ ای ایٹ قمری مشن پر ایک پاکستانی روبوٹک روور بھی چاند پر بھیجا جائے گا۔چاند کی سطح پر بھیجا جانے والا یہ روور خودکار نظام اور آرٹیفیشل انٹیلی جنس کی مدد سے راستے کی رکاوٹیں تلاش کرے گا اور اپنے راستے کا تعاقب کرے گا۔

بقیہ 21

انہوں نے مارکیٹ کا جائزہ لیتے ہوئے تجاوزات، ریٹ لسٹوں اور مختلف اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی خود پڑتال کی۔اسسٹنٹ کمشنر نے بازار میں واقع سبزی و پھل کی دکانوں، گوشت کی دکانوں اور جنرل اسٹورز کا معائنہ کیا۔انہوں نے دکانداروں کی جانب سے آویزاں کی گئی سرکاری ریٹ لسٹوں کی چیکنگ کی اور ہدایت کی کہ تمام دکاندار انتظامیہ کی جانب سے جاری کردہ نرخ نامے نمایاں جگہوں پر آویزاں رکھیں۔انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی دکاندار کو من مانے دام وصول کرنے، مصنوعی مہنگائی پیدا کرنے یا ذخیرہ اندوزی کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی؟ عوامی سہولت، تجاوزات کے خاتمے اور صفائی پر زور بازار میں سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قائم ناجائز تجاوزات کا سخت نوٹس لیتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر نے دکانداروں کو اپنی حد میں رہنے کی ہدایت کی تاکہ پیدل چلنے والوں اور گاڑیوں کی آمدورفت میں خلل نہ پڑے سبزی، گوشت اور عام استعمال کی دیگر اشیاء کی قیمتوں کا معائنہ تمام دکانوں پر اپ ڈیٹ شدہ سرکاری ریٹ لسٹیں آویزاں کرنے کا حکم۔سڑکوں اور فٹ پاتھوں کو عوام کی آسان آمدورفت کے لیے فوری صاف کرنے کی تنبیہ اشیائے خوردونوش کے معیار اور دکانوں میں صفائی ستھرائی کو برقرار رکھنے کی ہدایت اسسٹنٹ کمشنر خوست نے تاجر برادری سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کا مقصد تاجروں کو پریشان کرنا نہیں بلکہ عوام کو معیاری اور واجب قیمت پر اشیاء کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔انہوں نے انتباہ کیا کہ گرانفروشوں اور تجاوزات قائم کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور اس طرح کے سرپرائز دورے آئندہ بھی باقاعدگی سے جاری رہیں گے۔

بقیہ 22

ہے۔جاری بیان کے مطابق مراکز صحت کی آؤٹ سورسنگ کا مقصد صحت کے شعبے میں معیار، رسائی اور کوریج کو بہتر بنانا ہے۔اس سلسلے میں اہل اور تجربہ کار فرموں، تنظیموں اور جوائنٹ وینچرز سے دلچسپی کے اظہار کی درخواستیں طلب کرلی گئی ہیں۔فاؤنڈیشن کے مطابق دیر لوئر، ہنگو، ہری پور، کرک، کوہاٹ، کرم، لکی مروت، اورکزئی، بونیر، پشاور اور سوات کے مراکز صحت آؤٹ سورسنگ کیلئے فہرست میں شامل ہیں۔اسی طرح شانگلہ، نوشہرہ، شمالی وزیرستان، مہمند، ڈیرہ اسماعیل خان اور بنوں کے مراکز صحت بھی آؤٹ سورسنگ کے منصوبے کا حصہ ہوں گے۔خیبر پختونخوا ہیلتھ فاؤنڈیشن کے مطابق ہر صحت مرکز کو الگ پراجیکٹ تصور کیا جائے گا، جبکہ خواہشمند امیدواروں کو فارم 4 کے مطابق اپنی ترجیحات ظاہر کرنا ہوں گی۔فاؤنڈیشن نے واضح کیا ہے کہ مراکز صحت کی مینجمنٹ اور آپریشنز پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت آؤٹ سورس کیے جائیں گے، جس کے لئے اہل اور تجربہ رکھنے والی فرموں، تنظیموں اور جوائنٹ وینچرز سے درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔

بقیہ 23

فورسز ملک سے دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام کیلئے پُرعزم ہیں۔

بقیہ 24

سٹیٹ سیکرٹری بتو ایدیش نے وفاقی وزیر احسن اقبال کا پرتپاک خیرمقدم کیا۔احسن اقبال نے کہا کہ سنٹرل ایشیا ریجنل اکنامک کوآپریشن اجلاس پاکستان کے لیے وسطی ایشیائی ممالک کے ساتھ معاشی اور تجارتی روابط مزید مضبوط بنانے کا اہم موقع ہے۔پاکستان علاقائی رابطوں کے فروغ، جدید انفراسٹرکچر اور نئے تجارتی راستوں کے ذریعے خطے میں تجارت اور سرمایہ کاری کے امکانات کو وسعت دینا چاہتا ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی جغرافیائی اہمیت اسے وسطی ایشیا، چین اور عالمی منڈیوں کے درمیان ایک اہم رابطہ فراہم کرتی ہے، جس سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لیے علاقائی تعاون اور مربوط ٹرانسپورٹ روابط کو مزید مضبوط بنانا ضروری ہے۔

بقیہ 25

عراقچی نے کہا کہ ایران جنگ کے ساتھ ساتھ حقیقی سفارت کاری اور حالات میں مثبت پیش رفت کے لئے بھی تیار ہے۔عباس عراقچی نے امریکی ٹی وی چینل این بی سی کے پروگرام میٹ دی پریس میں شرکت کے بعد سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بیان میں کہا کہ صدر مسعود پزشکیان اور وہ نیویارک جنگ فروخت کرنے نہیں بلکہ امن قائم کرنے کے لیے آئے تھے۔ایرانی وزیر خارجہ کا یہ بیان امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے ایران کے جنگ بندی اور آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے سے متعلق تازہ سات روزہ روڈ میپ مسترد کیے جانے کے بعد سامنے آیا ہے۔

بقیہ 26

ان کے اہل خانہ اور ملائیشیا کی عوام سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔صدر زرداری نے کہا کہ ڈاکٹر حسمہ کی طب، عوامی صحت اور سماجی بہبود کے شعبوں میں طویل اور ممتاز خدمات کو احترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا۔انہوں نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ مرحومہ کی روح کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ڈاکٹر مہاتیر محمد اور سوگوار خاندان کو اس ناقابل تلافی صدمے کو برداشت کرنے کی ہمت اور صبر عطا کرے۔

بقیہ 27

واگزار کرالیا گیا۔واگزار کرائی گئی اراضی رکنی ماڈل بازار کے لیے مختص ہے، جہاں تعمیراتی و ترقیاتی کام جاری ہیں۔انتظامیہ کی جانب سے سرکاری اراضی پر قائم غیر قانونی قبضوں اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے کارروائی کی گئی تاکہ ماڈل بازار کے منصوبے پر ترقیاتی کام مقررہ رفتار کے مطابق جاری رکھے جاسکیں۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر رکنی فہد حسین عمرانی نے کہا کہ سرکاری اراضی کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے، سرکاری زمین پر کسی بھی قسم کے غیر قانونی قبضے اور تجاوزات کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے متعلقہ اہلکاروں کو ہدایت کی کہ واگزار کرائی گئی اراضی کی نگرانی یقینی بنائی جائے اور دوبارہ تجاوزات قائم نہ ہونے دی جائیں۔ضلعی انتظامیہ کے مطابق رکنی ماڈل بازار کی تکمیل سے شہریوں اور تاجروں کو بہتر، منظم اور سہل تجارتی سہولیات میسر آئیں گی، جبکہ تجاوزات کے خاتمے سے شہر کی خوبصورتی، ٹریفک کے نظام اور مجموعی نظم و نسق میں بھی بہتری آئے گی۔

بقیہ 28

کے مطابق کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو کی جانب سے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کے آخری دنوں میں پاس ورڈز کی اچانک تبدیلی اور آئی آر آئی ایس پورٹل میں تکنیکی دشواریوں پر شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔کراچی چیمبر آف کامرس کے صدر محمد ریحان حنیف نے ایف بی آر سے فوری طور پر سابقہ پاس ورڈز بحال کرنے اور گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر (میں کم از کم ایک ماہ کی توسیع کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ ایف بی آر کی جانب سے تمام انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والے افراد کے پاس ورڈز تبدیل کردیے گئے ہیں، جس کے باعث آخری دنوں میں ٹیکس دہندگان کو پورٹل تک رسائی اور گوشوارے جمع کرانے میں شدید پیچیدگیوں کا سامنا ہے۔بیرونِ ملک یا سفر میں موجود کم از کم 30 فیصد ٹیکس دہندگان نئے پاس ورڈ کے حصول میں مشکلات سے دوچار ہیں، اوورسیز پاکستانیوں کو نئے پاس ورڈز کے ایس ایم ایس موصول نہ ہونے کی وجہ سے ان کی IRIS پورٹل تک رسائی مکمل طور پر معطل ہوچکی ہے۔آخری دنوں میں آئی آر آئی ایس (IRIS) پر غیر معمولی دبا اور سسٹم اوورلوڈ ہونے کے باعث پورٹل بار بار کریش ہورہا ہے۔ریحان حنیف نے تاکید کی کہ ایف بی آر فوری طور پر پرانے پاس ورڈز بحال کرے تاکہ تمام ٹیکس دہندگان بلا رکاوٹ اور بروقت اپنے گوشوارے جمع کرواسکیں۔

بقیہ 29

صلاح الدین نورزئی نے 2017 سے پرموشن کے منتظر مزید 17 پٹواریوں کو قانون گوز B.9 سے B11 کے عہدے پر تعیناتی کے آرڈرز تقسیم کردیے۔اس موقع پر کمشنر آفس کے سپرنٹنڈنٹس بابو عبدالصمد کھوسہ اور بابو شیر اللہ کھوسہ بھی موجود تھے اس موقع پر کمشنر نصیرآباد نے ترقی پانے والے ملازمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پروموشن سرکاری ملازمین کی حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ ان کی ذمہ داریوں میں بھی اضافہ کرتی ہے، اب ترقی پانے والے افسران و اہلکار اپنی نئی ذمہ داریوں کو عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ ادا کریں اور محکمہ مال کے امور میں شفافیت، میرٹ اور قانون کی بالادستی کو یقینی بنائیں۔انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان کی واضح پالیسی ہے کہ اہل اور حقدار ملازمین کو ان کا جائز حق بروقت فراہم کیا جائے، تاکہ سرکاری اداروں کی کارکردگی مزید بہتر ہو اور عوام کو ریلیف کی فراہمی میں آسانی پیدا ہو۔17 پٹواریوں کی قانون گو کے عہدے پر تعیناتی کو محکمہ مال کے لیے ایک اہم پیش رفت قرار دیا جارہا ہے، جس سے نہ صرف افسران و اہلکاروں کی پیشہ ورانہ حوصلہ افزائی ہوگی بلکہ محکمہ مال کے انتظامی امور کو مزید مؤثر بنانے میں بھی مدد ملے گی۔

بقیہ 30

کچہری کا مقصد ضلع حب کے کے الیکٹرک صارفین کو بجلی کی فراہمی، زائد بلنگ، غلط ریڈنگ، بجلی کے بلوں میں بے ضابطگیوں، تکنیکی خرابیوں اور دیگر متعلقہ مسائل کے حل کے لیے براہ راست پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے، جہاں صارفین اپنی شکایات متعلقہ حکام کے سامنے پیش کرسکیں گے۔ترجمان نے ضلع حب کے تمام متاثرہ صارفین اور عوام الناس سے اپیل کی ہے کہ وہ کھلی کچہری میں بھرپور شرکت کریں اور اپنی شکایات کے ساتھ متعلقہ دستاویزی ثبوت، بالخصوص بجلی کے بل، سابقہ درخواستوں یا شکایات کی نقول اور دیگر ضروری دستاویزات ہمراہ لائیں، تاکہ شکایات کا موقع پر جائزہ لے کر ان کے ازالے کے لیے ضروری احکامات جاری کیے جاسکیں۔کھلی کچہری دفتر الیکٹرک انسپکٹر، محکمہ توانائی بلوچستان، حب میں منعقد ہوگی، جہاں الیکٹرک انسپکٹر صارفین کی شکایات براہ راست سنیں گے جبکہ کے الیکٹرک کے متعلقہ حکام کو بھی شکایات کے فوری ازالے اور ضروری کارروائی کے لیے موقع پر ہدایات جاری کی جائیں گی۔محکمہ توانائی بلوچستان نے کہا ہے کہ کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد عوام کو ان کے بجلی سے متعلق مسائل کے حل کے لیے مؤثر، شفاف اور براہ راست شکایتی نظام فراہم کرنا اور صارفین کی مشکلات کا بروقت ازالہ یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 31

مسلح ڈاکوں نے دن دھاڑے مسافر ویگن کو لوٹ لیا اور باآسانی فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے بھاگ سے کوئٹہ جانے والی مسافر ویگن کو حامد بستی کے قریب مسلح ڈاکوں نے اسلحے کے زور پر روک لیا ڈاکوں نے مسافروں کو یرغمال بنا کر ان سے قیمتی اشیا موبائل فونز اور ہزاروں روپے کی نقدی لوٹ لی اور موقع واردات سے فرار ہوگئے متاثرہ مسافروں نے اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ دن دھاڑے ڈکیتی کی اس واردات کے باوجود بھی پولیس خاموش تماشائی بنی رہی اور جرائم کی روک تھام میں مکمل طور پر ناکام دکھائی دیتی ہے مسافروں نے اعلی حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے اور لوٹا گیا سامان برآمد کروا کر ملزمان کو فوری گرفتار کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 32

پاکستانی سفارتخانہ کی "ایکس" پر پوسٹ کے مطابق اس موقع پر پاکستان کی سفیر نے اظہار خیال کرتے ہوئے سفارت کاری کے شعبے میں کیریئر کی عملی حقیقتوں، سفارت کاری کی بدلتی ہوئی نوعیت، مکالمے اور تعاون کی اہمیت اور مختلف ثقافتوں کے درمیان مؤثر رابطے کی ضرورت پر روشنی ڈالی۔

بقیہ 33

میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکی سینٹرل کمانڈ کے ترجمان کیپٹن ٹم ہاکنز نے ایرانی دعوے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی فوج اپنے تمام فعال ڈرون نظام پر مکمل کنٹرول برقرار رکھے ہوئے ہے۔انہوں نے پاسدارانِ انقلاب کے بیان کو واضح طور پر مایوس کن کوشش قرار دیتے ہوئے تہران کے واقعے سے متعلق دعوے کو مسترد کردیا۔اس سے قبل ایرانی پاسدارانِ انقلاب نے آبنائے ہرمز میں نگرانی کی کارروائیوں میں مصروف ایک جدید امریکی زیر آب ڈرون قبضے میں لینے کا دعوی کیا تھا۔

بقیہ 34

پاکستان کی معاونت، خطے کی سیکورٹی صورتحال اور افغانستان میں ہونے والی پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا، بات چیت میں کمیشن کے کام سے متعلق مختلف پہلوؤں اور نقطہ نظر پر خصوصی توجہ دی گئی۔فیلڈ مارشل و چیف آف ڈیفنس فورسز نے تنازع کے دوران سکیورٹی کی صورتحال کو تشکیل دینے والے عوامل کے حوالے سے پاکستان کا مؤقف پیش کیا اور افغانستان میں طویل جنگ کے دوران پاکستان کو درپیش چیلنجز کو اجاگر کیا۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تنازع کے تزویراتی، سفارتی اور آپریشنل پہلوؤں کا جائزہ لیتے ہوئے علاقائی نقطہ؟ نظر اور پاکستان کے تجربات کو بھی مدنظر رکھنا ضروری ہے۔دوسری جانب امریکی وفد نے افغانستان میں تنازع کے دوران پاکستان کے دیرینہ کردار اور دی جانے والی قربانیوں کا اعتراف کیا اور علاقائی امن و استحکام کے لیے پاکستان کی مسلسل خدمات کو سراہا۔

بقیہ 35

اور معقول پابندیوں سے مشروط ہے۔آصف علی زرداری نے کہا کہ رائٹ آف ایکسیس ٹو انفارمیشن ایکٹ 2017 وفاقی سطح پر معلومات تک رسائی کے لئے قانونی فریم ورک فراہم کرتا ہے، تاہم ڈیجیٹل پلیٹ فارمز، مصنوعی ذہانت اور دیگر ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کی تیز رفتار ترقی نے معلومات کی تیاری، ترسیل اور استعمال کے طریقہ کار کو تبدیل کردیا ہے۔صدر مملکت نے کہا کہ موجودہ دور میں چیلنج صرف معلومات کی دستیابی نہیں بلکہ شہریوں کے لئے قابلِ اعتماد معلومات اور جھوٹی، گمراہ کن یا مصنوعی طور پر تبدیل شدہ معلومات کے درمیان فرق کرنا بھی ہے۔انہوں نے کہا کہ مختلف ریاستی و غیر ریاستی عناصر، دہشت گرد اور جرائم پیشہ نیٹ ورکس جبکہ بے قابو اور حد سے زیادہ طاقتور ٹیکنالوجی کمپنیاں معلومات کو مسخ یا اپنے مقاصد کے لئے استعمال کرسکتی ہیں۔صدر مملکت نے کہا کہ اس صورتحال میں عوام دوست صحافیوں، میڈیا اداروں، ابلاغی ماہرین، محققین اور دیگر ماہرین کا کردار مزید اہم ہوگیا ہے، جو شہریوں کو تیزی سے بدلتے ہوئے معلوماتی ماحول میں درست معلومات تک رسائی میں مدد دے سکتے ہیں۔انہوں نے زور دیا کہ شہریوں کے حقِ معلومات کا تحفظ یقینی بناتے ہوئے یہ امر بھی ملحوظ رکھا جائے کہ منافع پر مبنی غلط اور گمراہ کن معلومات کے تدارک کی کوششیں عوامی مفاد میں صحافت، منصفانہ تنقید اور بامعنی عوامی مباحثے کو دبانے کا ذریعہ نہ بنیں۔آصف علی زرداری نے کہا کہ سرکاری اداروں کی شفافیت، جوابدہی اور ذمہ دارانہ ابلاغ ناگزیر ہے، شہریوں کو خصوصا ان معاملات پر معتبر ذرائع سے قابلِ اعتماد معلومات حاصل ہونی چاہئیں جو براہ راست ان کی زندگیوں کو متاثر کرتے ہیں۔

بقیہ 36

رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں ایرانی فوجی کمانڈر کے اس دعوے کو غلط قرار دیا کہ پاسداران انقلاب آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول رکھتی ہے۔سینٹکام کے بیان میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ آبنائے ہرمز پر ایران کے مکمل کنٹرول کا دعویٰ حقیقت کے برعکس ہے کیوں کہ امریکی افواج ایرانی بحریہ کو تباہ کرچکی ہیں اور اب ایران کے پاس بحریہ موجود نہیں ہے۔امریکی فوج کے بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ مطابق گزشتہ چند ماہ کے دوران آبنائے ہرمز سے ایک ارب بیرل سے زائد تیل گزر چکا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ایران اس اہم تزویراتی بحری گزرگاہ پر مکمل کنٹرول نہیں رکھتا۔

بقیہ 37

، پی ٹی آئی نے 13 سال حکومت کی، خیبر پختونخوا کے عوام نے جس مقصد کیلئے پی ٹی آئی کو ووٹ دیا، وہ نظر نہیں آرہا۔انہوں نے کہا کہ موجودہ وزیراعلیٰ کا کوئی تجربہ نہیں ہے، وزیراعلیٰ کو صرف دو ٹارگٹ دیئے گئے ہیں، ایک جتنا لوٹ سکتے ہو لوٹو، دوسرا قیدی کی رہائی، صوبے میں تعلیم، صحت اور بنیادی سہولتیں نہیں دی جارہیں، سہیل آفریدی کی حکومت کو ابھی تک یہی معلوم نہیں کہ انہوں نے کرنا کیا ہے۔وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ صوبے میں سب سے بڑا مسئلہ امن و امان کا ہے، امن نہ ہو تو ترقی کی طرف آگے بڑھنا مشکل ہے، امن کے قیام کے لیے مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے، قیام امن اور عوامی مسائل کے حل پر توجہ دینا ضروری ہے، ہم یہاں رہتے ہیں اور زمینی حقائق کی بنیاد پر بات کرتے ہیں،انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے واقعات پر پی ٹی آئی قیادت کے بیانات پر سوالات اٹھتے ہیں، سکیورٹی اہلکار جانیں دے رہے ہیں، ان کی قربانیوں کو کمتر ظاہر نہیں کرنا چاہیے، ہم بہت سوچ سمجھ کر جلسوں اور دیگر سرگرمیوں میں شرکت کرتے ہیں، ہمارے لئے ہر موقع پر سکیورٹی ایک بڑا مسئلہ ہوتا ہے، پی ٹی آئی کے جلسوں اور ریلیوں میں دہشتگردی کے واقعات کیوں پیش نہیں آئے؟ پی ٹی آئی قیادت کو کے پی میں سرگرمیوں کے دوران سکیورٹی خدشات کیوں نہیں ہوتے۔ان کا کہنا ہے کہ ہم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنے لوگوں اور کارکنوں کی شہادتیں دیکھ چکے، مختلف سیاسی جماعتوں کے کارکنوں اور رہنماں کے خاندان بھی دہشتگردی سے متاثر ہوئے، یہاں کے عوام کی تکلیف ہم سب کی تکلیف ہے، ایک کٹھ پتلی وزیراعلی عوام کے مینڈیٹ کی حفاظت نہیں کرسکتا، سہیل آفریدی کیٹرز حکومت سے لگتا ہے کہ صوبائی حکومت دہشتگردوں سے مل گئی ہے، آج پورے صوبے میں دہشتگردوں کا راج ہے۔امیر مقام نے کہا کہ آئین کے خلاف قانون سازی منظور نہیں، وزیراعلی سہیل آفریدی آئی جی پی اور چیف سیکرٹری کو اپنا ماتحت بنانا چاہتے ہیں، صوبائی حکومت آئی جی سے ڈی ایس پی تک پولیس پر کنٹرول چاہتی ہے، ایسے اقدامات سے پولیس کا مورال متاثر ہوگا۔ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ راستے بند ہیں، خیبر پختونخوا کے عوام مشکلات میں ہیں، وزیراعلی نے پہلے 27 ستمبر کی تاریخ دی، ہمیں بھی پتا چلے کہ کتنی عوام ان کے ساتھ کھڑی ہے۔انہوں نے کہا کہ طالبان کو دوبارہ واپس لانے اور افغانستان سے بات چیت پر بھی زور دیا جارہا ہے، تھانوں کی قیمتیں لگانے کے لئے پولیس کو اپنے ماتحت کیا جارہا ہے، دہشتگردی کے خلاف صوبائی حکومت کی کوئی حکمت عملی نظر نہیں آتی، شہدا سے متعلق بیان نے فوج اور پوری قوم کے جذبات مجروح ہوئے، پی ٹی آئی ہمیشہ کالعدم ٹی ٹی پی اور دہشتگردوں سے مذاکرات کی بات کرتی ہے، دہری پالیسی اور معیار کا نشانہ عوام اور سیکیورٹی فورسز بنتی ہیں۔رہنما مسلم لیگ ن کا کہنا تھا کہ سہیل آفریدی کٹھ پتلی وزیراعلی بنا ہوا ہے، وزیراعلی ہاؤس میں عوام کی فلاح کیلئے کچھ نہیں، صرف لانگ مارچ کے لئے ٹھیکیداروں سے چندہ جمع کیا جارہا ہے، لانگ مارچ کی وجہ سے خیبر پختونخوا اور اسلام آباد بند ہیں، باقی ملک میں معمول کی سرگرمیاں جاری ہیں۔امیر مقام نے کہا کہ 27 ستمبر کو نکلنا تھا لیکن جب رپورٹ آئی کہ کوئی نہیں نکلے گا تو لانگ مارچ 4 اکتوبر تک ملتوی کردیا، سہیل آفریدی مدد کیلئے سابق وزیراعلی علی امین گنڈاپور کے پاس پہنچ گئے، سہیل آفریدی کا آگے چلنا ناممکن ہے، سہیل آفریدی صاحب آپ مزید وزیراعلی نہیں رہ سکتے،

بقیہ 1

1.82 ڈالر یا 1.74 فیصد اضافے کے بعد 106.14 ڈالر فی بیرل ہوگئی۔ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل کی قیمت 1.14 ڈالر یا 1.23 فیصد اضافے کے بعد 93.55 ڈالر فی بیرل رہی۔

بقیہ 2

تھانے کی عمارت میں دھماکہ خیز مواد نصب کر کے دھماکہ کر دیا جس کے نتیجے میں تھانے کی عمارت مکمل طور پر زمین بوس ہوگئی خوش قسمتی سے واقعے کے وقت تھانے میں کسی اہلکار یا شہری کی موجودگی نہ ہونے کے باعث کوئی جانی نقصان نہیں ہوا جبکہ سرکاری ریکارڈ اور دستاویزات کی تھانے میں عدم موجودگی کی وجہ سے تمام ریکارڈ بھی بالکل محفوظ رہا ذرائع کے مطابق پولیس تھانہ کٹھن کو تین ماہ قبل خالی کر دیا گیا تھا واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو مکمل طور پر گھیرے میں لے لیا بم ڈسپوزل اسکواڈ اور فورسز نے تمام ممکنہ شواہد اکٹھے کرنے کے بعد ملزمان کی گرفتاری کے لیے پورے علاقے میں وسیع پیمانے پر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے پولیس حکام کا کہنا ہے کہ نا معلوم مسلحہ افراد کو جلد از جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور امن وامان کی بحالی کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 3

گرد ٹریفک پولیس موبائل بھی لے گئے جسے بعدازاں گرہ بڑھا سے برآمد کیا گیا، اس کے علاوہ ملزمان کی فائرنگ سے 2 راہ گیر بھی زخمی ہوئے۔ ڈی پی او نے بتایا کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے تمام شاہراہوں اور پیدل راستوں کی ناکہ بندی کر دی گئی ہے۔ ڈی پی او کے مطابق مسلح ملزمان کی فائرنگ سے اے ایس آئی عصمت اللہ زخمی ہوئے جنہیں فوری طبی امداد کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے

بقیہ 4

کیا ہے اسے ہر صورت مقدم رکھا جائے گا اور علاقے کے اجتماعی مفادات کے لیے بھرپور آواز اٹھائی جائے گی۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ ہزارہ برادری سمیت حلقہ انتخاب کے تمام طبقات کے مسائل کے حل کے لیے ان کے دروازے کھلے ہیں، وہ بلا رنگ و نسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی علاقے یا طبقے کے ساتھ امتیازی سلوک نہیں ہونا چاہیے، تمام شہری یکساں توجہ اور بنیادی سہولیات کے حق دار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور منتخب نمائندوں کی ذمہ داری ہے کہ عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عام آدمی تک پہنچائے جائیں۔ شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا کہ علاقے میں تعلیم، صحت، سڑکوں، بجلی، پانی اور دیگر بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے متعلقہ حکام کے ساتھ مل کر اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 5

ہے۔ حوثیوں سے وابستہ ٹی وی چینل المسیرہ نے اس سے قبل اعلان کیا تھا کہ ایک فضائی حملے میں سات افراد ہلاک اور 40 زخمی ہوئے، جس کے بارے میں اس نے کہا تھا کہ یہ حملہ سعودی عرب نے کیا اور ایک بازار کو نشانہ بنایا، تاہم بعدازاں چینل نے حوثیوں کی وزارت صحت کے حوالے سے بتایا کہ زخمیوں میں پانچ بچے بھی شامل ہیں۔ حوثیوں کی وزارت صحت نے کہا کہ حملے میں تعز صوبے کے مویہ چوراہے پر واقع ایک بازار اور متعدد دکانوں کو نشانہ بنایا گیا، جبکہ بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ یمنی حکومت نے کہا کہ اس کی فورسز نے اسی چوراہے پر حوثیوں کے ایک کیمپ اور فوجی گاڑیوں کو نشانہ بنایا۔ حوثی ترجمان یحییٰ سریع نے سعودی عرب پر تعز کے مضافات میں ایک بازار کو نشانہ بنانے والے دو فضائی حملے کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ ان حملوں میں ہلاکتوں اور زخمیوں سمیت تقریبا 50 افراد متاثر ہوئے، اس حملے کا جواب ضرور دیا جائے گا۔ بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ یمنی حکومت کی مسلح افواج کے سرکاری ترجمان کرنل ماجد عبداللہ النزیلی نے اعلان کیا کہ مسلح افواج نے 72 گھنٹوں کے دوران 756 درست اور موثر کارروائیاں کیں اور حوثیوں کے 2,316 جنگجوؤں کو نشانہ بنایا گیا جن میں چار ایرانی شہری بھی شامل ہیں۔

بقیہ 6

ہے۔ گورنر کے پی نے صوبے کی امن وامان کی صورتحال کے حوالے سے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ کے پی کے کے ینگ ڈاکٹرز، نرسز اور فاٹا و پاٹا کے پولیس اہلکار ہڑتال پر ہیں۔ حکومت کو پہلے اپنے صوبے کے مسائل حل کرنے چاہئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی اسلام آباد پر امن مارچ کے لیے نہیں جا رہی، ماضی کا ریکارڈ بھی اتنا اچھا نہیں۔ فیصل کریم نے سوال اٹھایا کہ "اپنے صوبے میں امن قائم نہیں کر سکتے اور کہتے ہیں اسلام آباد جانا ہے؟ اگر اسلام آباد پہنچ بھی جائیں تو کیا بانی پی ٹی آئی جیل سے باہر آ جائیں گے؟۔ انہوں نے واضح کیا کہ بانی پی ٹی آئی کو عدالتوں نے سزا دی ہے اور عدالتیں ہی انہیں رہا کریں گی۔ گورنر راج سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب کوئی راستہ نہیں بچتا تو گورنر راج آخری آپشن ہوتا ہے، اس کے لیے وفاقی حکومت اور صدر مملکت کافی سوچ بچار کے بعد فیصلہ کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اپوزیشن فی الحال عدم اعتماد کی تحریک نہیں لا سکتی، عدم اعتماد تب ہی ممکن ہوگی جب پی ٹی آئی میں فارورڈ بلاک بنے گا۔ فیصل کریم کنڈی نے صوبائی حکومت کو چیلنج دیتے ہوئے کہا "یہ سمجھتے ہیں اسمبلی توڑ دیں گے تو کیا ضمنی الیکشن نہیں ہوگا؟ اسمبلی کل توڑنی ہے تو آج توڑ دیں، پھر دیکھیں گے کہ یہ کیسے دوبارہ الیکشن جیت کر آتے ہیں۔ فیصل چوہدری سے متعلق بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فیصل چوہدری میرے دوست اور بھائی ہیں، لیکن ان کے بھائی نے بھی عہدوں کے لئے کتنی پارٹیاں بدلی ہیں، میں گورنر رہوں یا نہ رہوں، اپنے خاندان کا نام تبدیل نہیں کروں گا۔ ان کا کہنا تھا کہ میں نے چار دن پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ یہ لوگ لانگ مارچ نہیں کر سکتے، اور اگلے دو چار دنوں میں پتہ چل جائے گا کہ سہیل آفریدی اور علی امین کی ملاقات میں کیا باتیں ہوئی ہیں۔

بقیہ 7

کو نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں ایسے واقعات سے عوام میں تشویش پیدا ہوتی ہیانہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی کارروائیاں بلوچستان میں جاری ترقیاتی عمل کو متاثر نہیں کر سکتیں صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبے عوام کی فلاح و بہبود اور بہتر مستقبل کے لیے انتہائی اہم ہیں جنہیں ہر صورت جاری رکھا جانا چاہیئے انہوں نے کہا کہ مغوی کارکنوں کی بحفاظت بازیابی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں انہوں نے شہید سیکورٹی گارڈ کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مغویوں کی جلد اور بحفاظت بازیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 8

میں ابتدائی اطلاعات کے مطابق 8 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیمیں اور فرنٹیئر کور (ایف سی) کے جوان فوری طور پر جائے وقوعہ پر پہنچ گئے۔ ریسکیو اہلکاروں نے موقع پر زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی، جس کے بعد انہیں مزید علاج کے لیے قریبی ہسپتال منتقل کیا جا رہا ہے۔ ریسکیو ذرائع کا کہنا ہے کہ یہ حادثہ مسافر بس کی تیز رفتاری کے باعث پیش آیا ہے۔

بقیہ 9

مقرر تھائی ایئر لائنز کی پرواز پیر یک صبح لاہور پہنچی۔ دوسری جانب بینکاک سے کراچی آنے والی دونوں پروازیں 20 گھنٹے کی تاخیر کے بعد منسوخ کر دی گئیں۔

بقیہ 10

کی بنیاد ہے، معلومات تک رسائی کے حق کا تحفظ ایک شفاف اور جوابدہ معاشرے کے لیے ضروری ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور مصنوعی ذہانت کے دور میں مستند معلومات کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے، شہریوں کو مستند معلومات تک آسان اور بروقت رسائی فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، غلط اور گمراہ کن معلومات کے پھیلا کی روک تھام کے لیے درست معلومات کی فراہمی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ معلومات تک رسائی شفافیت، احتساب اور عوامی اعتماد کو فروغ دیتی ہے، عوام کو اپنے حقوق اور دستیاب سہولیات سے آگاہ کرنے کے لیے مستند معلومات تک رسائی ضروری ہیانہوں نے کہا کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام مستحق خواتین کو پروگرام سے متعلق درست اور بروقت معلومات کی فراہمی کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، مستحقین کو ان کے حقوق اور سہولیات سے آگاہ کرنا بی آئی ایس پی کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے حق معلومات شفافیت اور مستند معلومات کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری رکھیں گے۔

بقیہ 11

ہے، تاہم یہ کوئی چوائس نہیں، گورنر راج لگے یا نہ لگے، خیبر پختونخوا کے حالات بہتر کرنا ہوں گے۔ اختیار ولی خان نے کہا کہ خیبر پختونخوا سے متعلق تمام حقائق آج میڈیا اور قوم کے سامنے رکھ دیے گئے۔ ثمر بلور نے الزام عائد کیا کہ سہیل آفریدی کے دور حکومت میں صوبے میں چرس کی بھرمار ہو رہی ہے اور منشیات کا زہر پورے ملک میں پھیلایا جا رہا ہے، صرف پشاور سے 960 کلوگرام منشیات پکڑی گئی ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا میں منشیات کے نامی گرامی سمگلرز اور ڈیلرز پی ٹی آئی قیادت کے ساتھ بیٹھے ہیں۔

بقیہ 12

طوفان نے کسانوں کی کمر توڑ دی ہے۔ چاول کی فی من قیمت صرف 1500 روپے ملنے پر کسان شش و پنج میں مبتلا ہیں کہ وہ اس ناگفتہ بہ صورتحال میں اپنا گھر چلائیں، دکانداروں اور ڈاکٹروں کے ادھار اتارے یا پھر حکومت کو عشر اور آبیانہ ادا کریں۔ تفصیلات کے مطابق صحبت پور کے چھوٹے زمیندار اور کسان مہنگائی کی چکی میں پس کر نان شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں۔ ان غریب کسانوں نے اپنی فصل کی تیاری کے لیے دکانداروں سے سالانہ ادھار پر زرعی سامان لیا تھا، بیمار ہونے پر ڈاکٹروں سے ادھار پر علاج کروایا تھا، مہنگے داموں ڈی اے پی کھاد بلیک میں خریدی تھی اور کیڑے مار ادویات بھی انتہائی مہنگی قیمت پر حاصل کی تھیں۔ اب جب کہ فصل تیار ہو چکی ہے تو ایک طرف تو حکام کی جانب سے عشر اور آبیانہ کی کڑی ریکوری کے لیے دبا ڈالا جا رہا ہے، اور دوسری طرف دکاندار بھی اپنے ادھار کی وصولی کے لیے تقاضے کر رہے ہیں۔ کسانوں کا کہنا ہے کہ اس سیزن میں انہیں پہلے تو پانی کی شدید قلت کا سامنا کرنا پڑا جس سے فصل مرجھا گئی، اور اب جب فصل مارکیٹ میں آئی ہے تو چاول کی قیمت انتہائی کم یعنی 1500 روپے فی من لگائی جا رہی ہے، اوپر سے فی من وزن پر ایک کلو کی اضافی کٹوتی الگ سے کی جا رہی ہے، جس نے کسانوں کی رہی سہی امیدیں بھی خاک میں ملا دی ہیں۔ مالی دبا، قرضوں کے بوجھ اور شدید ذہنی پریشانی کے باعث علاقے میں کسانوں میں دل کی بیماریوں اور دل کے دورے سے اموات میں خطرناک حد تک اضافہ ریکارڈ کیا جا رہا ہے۔ متاثرہ کسانوں نے حکومتِ بلوچستان اور اعلیٰ حکام سے پر زور مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر صورتحال کا نوٹس لیا جائے، چاول کی منصفانہ امدادی قیمت مقرر کی جائے، کٹوتیوں کا سلسلہ بند کرایا جائے اور کسانوں کو اس معاشی دلدل سے نکالنے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر امدادی پیکج کا اعلان کیا جائے۔

بقیہ 13

معائنہ کیا اور ماہی گیروں کو ممنوعہ جال کے استعمال سے سختی سے گریز کرنے کی ہدایت کی محکمہ فشریز کے مطابق جال چمگ سائز 26، 27، 28 اور 114 کے استعمال کی خلاف ورزی پر قانونی کارروائی عمل میں لائی جاری ھے ان کا کہنا تھا کہ ممنوعہ جال کے ذریعے چھوٹی مچھلیوں کے شکار سے مچھلیوں کی افزائش اور سمندری حیات کے قدرتی توازن کو نقصان پہنچتا ہے، جس کے باعث ایسے جالوں کے استعمال کی اجازت نہیں دی جائے گی جبکہ خلاف ورزی کرنے والے ماہی گیروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہوگی اور اس کی ذمہ داری متعلقہ شخص پر عائد ہوگی۔ محکمہ فشریز کی جانب سے پدی زر ریچ سمیت ساحلی علاقوں میں مانیٹرنگ اور چیکنگ کا عمل جاری رہے گا محکمہ فشریز نے ماہی گیروں سے اپیل کی ہے کہ وہ صرف قانونی اور منظور شدہ جال استعمال کریں، چھوٹی مچھلیوں کے شکار سے گریز کریں اور سمندری حیات کے تحفظ کے لیے محکمہ فشریز سے تعاون کریں۔

بقیہ 14

قرآن اکیڈمی گرلز ہائی اسکول بلوچی گوٹھ کی عمارت میں غیر معیاری میٹریل کے استعمال کی شکایات موصول ہو رہی ہیں۔ مقامی لوگوں کا کہنا ہے کہ حکومتی فنڈز سے بننے والی عمارتوں میں دراڑیں پڑنا معمول بن گیا ہے جبکہ متعلقہ محکمہ مکمل طور پر خاموش ہےشہری حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر غیر جانبدار انکوائری کمیشن تشکیل دیا جائے اور ذمہ دار ٹھیکیداروں اور افسران کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ناقص سیمنٹ، غیر معیاری سریے اور غیر معیاری ریت کا بے دریغ استعمال عمارتوں کے لیے خطرہ بن رہا ہے عوامی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ فوری تحقیقاتی کمیشن تشکیل دیا جائیذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے تعمیرات میں معیار کو یقینی بنایا جائے عوامی فنڈز کی غیر جانبدارانہ وشفاف تحقیقات کی جائے۔

بقیہ 15

جانب سے مسلم دنیا کو درپیش مستقبل کے چیلنجز پر کام کرنے اور علم، سائنس وٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہا۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں کے درمیان مستقبل کے مشترکہ منصوبوں اور سائنس وٹیکنالوجی کے شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے پر بھی گفتگو ہوئی۔ پیر کو ملائیشیا کے وزیر اعظم نے کامسٹیک کے زیر اہتمام انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی ملائیشیا کے ادارہ برائے اسلامی فکر و تہذیب میں دو روزہ کانفرنس کا افتتاح کیا۔ کانفرنس او آئی سی کامسٹیک اور انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی ملائیشیا کے اشتراک سے منعقد کی گئی ہے جس میں تقریبا 180 پالیسی ساز، ماہرین تعلیم، سائنس دان، ٹیکنالوجی ماہرین، ادارہ جاتی سربراہان اور نوجوان نمائندے شریک ہیں۔ افتتاحی خطاب میں ملائیشیا کے وزیر اعظم نے او آئی سی کامسٹیک اور انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی ملائیشیا کی کوششوں کو سراہا۔

بقیہ 16

2 اکتوبر 2026ء کو کھلی کچہری کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ محکمہ توانائی کے ترجمان کے مطابق کھلی کچہری کا مقصد ضلع حب کے کے الیکٹرک صارفین کو بجلی کی فراہمی، زائد بلنگ، غلط ریڈنگ، بجلی کے بلوں میں بے ضابطگیوں، تکنیکی خرابیوں اور دیگر متعلقہ مسائل کے حل کے لیے براہ راست پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے، جہاں صارفین اپنی شکایات متعلقہ حکام کے سامنے پیش کر سکیں گے۔ ترجمان نے ضلع حب کے تمام متاثرہ صارفین اور عوام الناس سے اپیل کی ہے کہ وہ کھلی کچہری میں بھرپور شرکت کریں اور اپنی شکایات کے ساتھ متعلقہ دستاویزی ثبوت، بالخصوص بجلی کے بل، سابقہ درخواستوں یا شکایات کی نقول اور دیگر ضروری دستاویزات ہمراہ لائیں، تاکہ شکایات کا موقع پر جائزہ لے کر ان کے ازالے کے لیے ضروری احکامات جاری کیے جا سکیں۔ کھلی کچہری دفتر الیکٹرک انسپکٹر، محکمہ توانائی بلوچستان، حب میں منعقد ہوگی، جہاں الیکٹرک انسپکٹر صارفین کی شکایات براہ راست سنیں گے جبکہ کے الیکٹرک کے متعلقہ حکام کو بھی شکایات کے فوری ازالے اور ضروری کارروائی کے لیے موقع پر ہدایات جاری کی جائیں گی۔ محکمہ توانائی بلوچستان نے کہا ہے کہ کھلی کچہری کے انعقاد کا مقصد عوام کو ان کے بجلی سے متعلق مسائل کے حل کے لیے مؤثر، شفاف اور براہ راست شکایتی نظام فراہم کرنا اور صارفین کی مشکلات کا بروقت ازالہ یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 17

شکر ادا کیا۔ بارش کے باعث شہر کی سڑکوں اور شاہراہوں پر پانی جمع ہوگیا۔ دوسری جانب دارالحکومت ریاض میں بھی گرج چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش نے گرمی کا زور توڑ دیا، جبکہ شہریوں نے خوشگوار موسم سے لطف اٹھایا۔ سعودی عرب کے مختلف علاقوں میں وقفے وقفے سے بارش کا سلسلہ جاری رہا۔ سعودی حکام نے شہریوں اور مقیم غیر ملکیوں کو بارش کے دوران احتیاط برتنے، نشیبی علاقوں سے دور رہنے اور حفاظتی ہدایات پر عمل کرنے کی ہدایت کی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق مملکت کے بیشتر علاقوں میں بارش کا سلسلہ آئندہ جمعے تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ سعودی گزٹ کے مطابق، قومی مرکز برائے موسمیات (این سی ایم) کا کہنا ہے کہ پیر سے جمعے تک مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، جازان، عسیر اور الباحہ سمیت کئی علاقوں میں مختلف شدت کی بارش متوقع ہے۔ بعض مقامات پر منگل اور بدھ کے روز بارش کی شدت بڑھ سکتی ہے، جس کے دوران تیز ہوائیں، ژالہ باری، اچانک سیلاب، حدِ نگاہ میں نمایاں کمی اور ساحلی علاقوں میں بلند لہروں کا امکان بھی ظاہر کیا گیا ہے۔ ریاض میں گرج چمک کے ساتھ ہونے والی موسلا دھار بارش نے گرمی کی شدت کم کر دی، جبکہ کئی علاقوں میں بارش کے پانی سے سڑکیں زیر آب آ گئیں۔ شہریوں نے خوشگوار موسم کا لطف اٹھایا، تاہم حکام نے بارش کے دوران احتیاط برتنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 18

مشکلات اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ سے متعلق خدشات کا جائزہ لیتے ہوئے مطالبہ کیا کہ امن و امان کے قیام شہریوں کے تحفظ اور بنیادی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ ادارے عملی اقدامات یقینی بنائیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرستِ اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا محب اللہ، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محمد ایوب، مولانا حافظ رشید احمد، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حاجی صالح محمد اور دیگر نے کہا کہ جماعت کی مضبوطی، نظم و ضبط کی پابندی اور کارکنوں سے مسلسل رابطے کو یقینی بنانا تحصیل و یونٹ ذمہ داران کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ تمام ذمہ داران اپنی ذمہ داریوں کو محض رسمی کارروائی تک محدود رکھنے کے بجائے عملی اور فعال کردار ادا کریں

بقیہ 19

میں ایک ڈرون نے گاڑی کو نشانہ بنایا جس کے نتیجے میں ڈرائیور مارا گیا۔ یوکرینی صدر زیلنسکی کے مطابق روس نے ہفتے سے اب تک مختلف نوعیت کے 277 حملہ آور ڈرونز استعمال کیے جن میں 155 جیٹ سے چلنے والے ڈرون شامل تھے، زیلنسکی نے شہری علاقوں کو نشانہ بنانے کی مذمت کرتے ہوئے اسے دہشت گردی قرار دیا۔

بقیہ 20

نکالنے کا مشورہ دے دیا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنے ایک اہم بیان میں فواد چوہدری نے کہا کہ سیاست میں کبھی آر پار کی باتیں نہیں چلا کرتیں، گزشتہ چار سالوں میں کیا کچھ کوششیں نہیں کی گئیں کہ اب برداشت ختم ہوگئی ہے، فلاں اور فلاں کو مائنس کر دیا جائے، کبھی مائنس عمران خان، کبھی مائنس گنڈا پور اور اب مائنس آفریدی کی باتیں کی جا رہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسی باتیں ہمیشہ غیر سیاسی اور غیر سنجیدہ لوگوں کی ہوتی ہیں کیونکہ سیاست کا اصل مقصد لوگوں کے دلوں میں جگہ بنانا ہوتا ہے، انہیں یکسر ختم یا ایلیمینیٹ کرنا نہیں ہوتا، اور یہی بنیادی فرق ایک فوجی حکمتِ عملی اور سویلین حکمت عملی میں ہوتا ہے، اسی لیے سیاسی حکمتِ عملی ہمیشہ لچکدار رکھی جاتی ہے۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ انصار عباسی نے ہمیشہ تحریکِ انصاف کو درست اور صائب مشورہ دیا ہے کہ بات چیت کریں اور اپنے لیے سیاسی اسپیس بنائیں، اس مشورے پر پی ٹی آئی کو ضرور آگے بڑھنا چاہیے، تاہم موجودہ حکومت کا اصل مسئلہ یہ ہے کہ وہ صرف اس بنیاد پر قائم ہے کہ اسٹیبلشمنٹ اور تحریکِ انصاف کے درمیان لڑائی جاری ہے، اور وہ کسی صورت اس جھگڑے کو ختم ہوتا ہوا نہیں دیکھنا چاہتی، تحریکِ انصاف کو اسی پس منظر کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اپنی آگے کی سیاسی حکمت عملی تیار کرنی چاہیئے۔ فواد چوہدری نے پی ٹی آئی چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان کا نام لیتے ہوئے ان کی حکمتِ عملی کو سراہا اور کہا کہ اس وقت بیرسٹر گوہر واحد شخصیت ہیں جو اس سیاسی مدعے اور نزاکت کو سمجھ کر سنجیدگی سے آگے بڑھ رہے ہیں، اس وقت پاکستان میں سیاست سے تلخیاں اور کشیدگی کم ہونا ملک و قوم کی سب سے بڑی ضرورت ہے، اور ہر اس کوشش کی بھرپور حمایت کی جانی چاہیے جس سے ملک میں سیاسی تناؤ میں کمی واقع ہو۔

بقیہ 21

قابل تحسین ہیں لسبیلہ ڈویژن کی انتظامیہ ریسکیو ادارے کی ہر ممکن حوصلہ افزائی کرے گی یہ بات انہوں نے پیر کے روز کمشنر لسبیلہ ڈویژن کے حب کیمپ آفس میں ایمرجنسی ریسکیو سینٹر ملازمین کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہی کمشنر لسبیلہ نیکوسٹل ہائیوے اور آر سی ڈی شاہراہ ہر آتشزدگی کے واقعات میں ریسکیو 1122 ملازمین کے فائر فائٹنگ آلات کی عدم سہولیات اور ریسکیو ادارے کے ملازمین کی تنخواہوں کی بندش کے مسئلے کو فوری حل کرنے کی یقین دہانی کراء کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا کہ لسبیلہ ڈویژن کے طول و عرض میں انسانی جانیں بچانے والے سب سے بڑے ہنگامی ادارے MERC *ریسکیو *1122* کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئیجائیں کیمیکیکل ہیومین ریسورس کو جدید سہولیات فراہم کی جائینگی کمشنر لسبیلہ ڈویژن کو مرک ایمرجنسی ریسکیو سینٹر کے مانیٹرنگ افسیر نے بریفنگ میں بتایا کہ ادارے کے 128 ریسکیو ملازمین گزشتہ تین مہینوں سے تنخواہوں کیے منتظر ہیں کوسٹل ہائیوے اور آر سی ڈی ہائیوے پر مرک ایمرجنسی ریسپانس سینٹرز میں تعینات ڈرائیورز، ایمرجنسی میڈیکل ٹیکنیشنز، فائر ریسکیورز اور کنٹرول روم آپریٹرز سال 2019* سے پروجیکٹ کی بنیاد پر *اپنے فرائض انجام دیتے رہے ہیں۔ نومبر 2025 میں پراجیکٹ کی معیاد مکمل ہوتے ہی ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ نیانڈر ریگنگ لیا گزشتہ 8 سالوں کے دوران ریسکیو ملازمین نے ہزاروں روڈ ایکسیڈنٹس، دل کے دوروں زچگی کے کیسز، آتشزدگی اور قدرتی آفات میں اپنی جان پر کھیل کر ہزاروں قیمتی جانیں بچائی ہیں کمشنر لسبیلہ کو مانیٹرنگ افسر نے بتایا کہ جب ہم بھرتی ہوئے تھےتو ہم جوان تھے، آج ہماری زیادہ تر عمر 40 سال سے تجاوز کر چکی ہیاور اب ہمیں کسی اور سرکاری محکمے میں اپلائی کرنے کا موقع بھی نہیں مل رہا ہم نیا پنی جوانی اپنی صحت اور اپنا وقت اس ادارے صوبے کے لوگوں کی خدمت کو دیا اب حکومت ہمارا مستقبل محفوظ بنائے کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے سیکیورٹی صورتحال کیتناظر میں کوسٹل ہائیوے اور کوئٹہ کراچی شاہراہ پر ہنگامی ریسکیو سروسز فراہم کرنے والے ادارے کے ڈائریکٹر جنرل کو کوآرڈینیشن میٹنگ کیلئے فوری طور پر لسبیلہ طلب کر لیا ہے۔

بقیہ 22

گوٹھ عبدالفتاح کھوسہ میں لونگ خان قوم کٹوہر 2 نصر اللہ قوم کٹوہر کو اپنے چچا شمشیر قوم کٹوہر کی گھر میں چائے پینے کے بعد دونوں افراد کو بیہوشی حالت سول ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی میں منتقل کر دیا گیا جس کے بعد لونگ خان ولد رحیم بخش دوران علاج فوت ہوگئے جنہیں ضروری کارروائی کے بعد نعش ورثہ کے حوالے کر دیا گیا جبکہ نصر اللہ ولد دلشیر سول ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی سے مزید علاج کے غرض سے سندھ لاڑکانہ ریفر کر دیا گیا مزید پولیس نے تفتیش کر رہی ہیں

بقیہ 23

کام مکمل ہونے سے مزید اراضی کو زرعی پیداوار کے لیے استعمال میں لانے میں مدد ملے گی، جس سے فصلوں کی پیداوار میں اضافے کے ساتھ ساتھ کسانوں کے روزگار اور معاشی مواقع میں بھی بہتری متوقع ہے۔ کچھی کینال منصوبہ اڑان پاکستان کے ماحول، پانی اور غذائی تحفظ کے ستون سے ہم آہنگ اہم ترقیاتی اقدام ہے۔ منصوبے کے ذریعے نہ صرف زرعی زمینوں تک پانی پہنچانے بلکہ پانی کی قلت سے متاثرہ علاقوں میں معاشی سرگرمیوں اور زرعی معیشت کو مضبوط بنانے میں مدد ملے گی۔ حکام کے مطابق منصوبے کی تکمیل سے خطے میں زرعی پیداوار، غذائی تحفظ اور مقامی آبادی کے معاشی استحکام کے لیے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔

بقیہ 24

بلکہ ایک بڑی ارتقائی تبدیلی ہے، انسانوں نے ایسی ذہین ٹیکنالوجی بنائی ہے جو کئی کاموں میں ہم سے بہتر ہے، آنے والے برسوں میں اے آئی بہت تیزی سے ترقی کرے گی، حکومتوں کو حفاظتی اقدامات کرنا ہوں گے۔ بل گیٹس نے خبردار کیا کہ مصنوعی ذہانت کے فوائد اپنی جگہ، تاہم اس کے غلط استعمال کے نتیجے میں انسانیت کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچنے کا خطرہ موجود ہے، اس لیے عالمی سطح پر ذمہ دارانہ استعمال اور مؤثر نگرانی ضروری ہے۔ انہوں نے حکومتوں سے مطالبہ کیا کہ اے آئی سے پیدا ہونے والے ممکنہ خطرات سے نمٹنے کے لیے مشترکہ حکمت عملی اختیار کی جائے تاکہ اس طاقتور ٹیکنالوجی کو انسانیت کے خلاف استعمال ہونے سے روکا جا سکے۔

بقیہ 25

، مالیاتی اداروں کے سربراہان، ماہرینِ معیشت اور پالیسی ساز شریک ہیں۔

بقیہ 26

دوسری گاڑی میں سبسڈی والا پیٹرول نہیں ڈالا جا سکتا۔

بقیہ 27

پر الزام تراشی کی جا رہی ہے۔ وزیر اعلی نے گورنر راج کی دھمکیوں کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ گورنر راج یا ایمرجنسی کی دھمکیوں سے ڈر کر اپنے مقف سے پیچھے نہیں ہٹوں گا، ایسی کرسی اور اقتدار پر لعنت بھیجتا ہوں جو مجھے اپنے نظریے، عوام کی سکیورٹی اور صوبائی خودمختاری کے اصولی مقف سے ہٹا دے، خیبر پختونخواہ کے عوام، پولیس اور سکیورٹی فورسز نے قیام امن کی خاطر بے شمار اور ناقابلِ فراموش قربانیاں دی ہیں، صوبے کے 80 ہزار سے زائد افراد نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، مگر افسوس کہ دو دہائیوں کی ان لازوال قربانیوں سے حاصل کردہ امن کو غلط فیصلوں کے باعث دوبارہ بدامنی کی نذر کر دیا گیا۔ سہیل آفریدی نے وفاق پر تنقید کرتے ہوئے مزید کہا کہ دہشت گردوں کے خطرے اور ان کی دوبارہ آبادکاری کے وقت سے ہی میں وفاقی حکومت کو مسلسل خبردار کرتا رہا اور متعدد بار خطرات سے آگاہ کیا لیکن وفاق نے ہمارے سنجیدہ بیانات کو ہمیشہ پراپیگنڈہ قرار دے کر رد کیا، میں نے بار بار کہا ہے کہ ریاست کی موجودہ سکیورٹی پالیسی بالکل غلط ہے، کے پی کے عوام کو ایک مخصوص مائنڈ سیٹ کے تجربات کا نشانہ بنایا گیا مگر خیبر پختونخواہ کو دوبارہ دہشت گردی کی ہولناک آگ میں جھونکنے کی یہ پالیسی اب کسی صورت قابلِ قبول نہیں ہوگی۔

بقیہ 28

مطالبہ ہے۔ حکومت بہانے بناتی ہے کہ عالمی سطح پر پیٹرول مہنگا ہے، اس لئے قیمت بڑھائی گئی۔ ان کا کہنا تھا کہ جماعت اسلامی کے احتجاج کے باعث حکومت پیٹرول کی قیمتوں پر بات چیت پر آئی، تاہم حکومت سے بات چیت کے باوجود جماعت اسلامی احتجاج سے دستبردار نہیں ہوئی۔ پورے پاکستان میں پیٹرول کی قیمتوں کے خلاف احتجاج جاری ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ جو تھوڑا بہت ریلیف دیا جا رہا ہے، یہ جماعت اسلامی کے احتجاج کی وجہ سے ہے۔ لاہور میں جلسے کی اجازت نہ ملنے کے باوجود احتجاج کیا گیا، جبکہ عوامی رائے لینے کے لئے احتجاجی کیمپ اور ریلیاں جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم سے ملاقات ہوئی تو پیٹرول اور بجلی کی قیمتوں میں ریلیف پر دوٹوک بات ہوگی۔ جس مقام پر پہنچ چکے ہیں وہاں سے پیچھے نہیں ہٹ سکتے۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پیٹرول پر عائد لیوی قیمت سے متعلق نہیں، یہ عوام پر بھتہ اور گنڈا ٹیکس ہے۔ ان کے مطابق آئی ایم ایف پروگرام میں پیٹرول لیوی عائد کرنا لازمی شرط نہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف پروگرام میں 152 ارب روپے کی بچت کا ہدف دیا گیا ہے، حکومت یہ بچت پیٹرول کی کھپت کم اور پی ایس ڈی پی میں کٹ لگا کر کر سکتی ہے۔ حکومت نے 152 ارب روپے کی بچت کے بجائے عوام پر بوجھ ڈال دیا۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پیٹرول کی قیمت بڑھنے پر آئی ایم ایف نے خود سبسڈی دینے کی اجازت دی تھی۔ حکومت نے پیٹرول پر سبسڈی دی، جس سے تقریبا 140 ارب روپے کی بچت ہوئی، تاہم اپریل میں پیٹرول پر سبسڈی ختم کر دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ کئی دہائیوں سے ملک میں گورننس اور پرفارمنس کا فقدان ہے۔ دنیا اے آئی کے دور میں داخل ہو چکی ہے لیکن بنیادی کمپیوٹر تعلیم بھی عوام کی دسترس میں نہیں۔ حافظ نعیم الرحمان نے امریکہ اور عالمی نظام پر بھی تنقید کی۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکہ اسرائیل کے ساتھ کھڑے ہو کر پوری دنیا کو تباہ کر رہا ہے اور اس کی پالیسیاں سامراجیت اور عالمی نظام پر قبضے کی عکاس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت سمیت مختلف حکومتیں ملک کو بار بار آئی ایم ایف پروگراموں میں لے کر گئیں۔ آئی ایم ایف پروگرام کی کچھ شرائط بظاہر صاف ہیں لیکن ملکی آزادی متاثر ہوتی ہے۔

بقیہ 29

) کی کوشش کی تھی۔ دورانِ تفتیش ملزم نے اپنے جرم کا اعتراف کر لیا ہے۔

بقیہ 30

کے سترہ پیداواری یونٹ کام کر رہے ہیں۔ ڈیم انتظامیہ کے مطابق تربیلہ ڈیم میں بجلی کی پیداوار 1270 میگاواٹ ہے، تربیلہ ڈیم میں بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت 4888 میگاواٹ ہے۔

بقیہ 31

نے گرمی کے طویل اور سخت طویل دورانیے کے بعد سکھ کا سانس لیا ہے۔

بقیہ 32

ڈی آئی جی آپریشنز لاہور کو ہدایت کی ہے کہ وہ نظر بند امیر خان کی مبینہ گرفتاری کے تمام حالات و واقعات کا خود جائزہ لیں۔ عدالت نے ڈی آئی جی آپریشنز کو 30 ستمبر کو گرفتاری سے متعلق جامع اور تصدیق شدہ رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا ہے۔

بقیہ 33

کا اظہار کیا گیا تھا۔ پولیس نے مظاہرین کو خبردار کیا کہ تنظیم کی حمایت میں علامت یا تحریر دکھانا جرم ہو سکتا ہے، جس کے بعد متعدد افراد کو دہشت گردی ایکٹ کے تحت حراست میں لیا گیا، گرفتار افراد میں 94 سالہ انسانی حقوق کی وکیل مارگریٹ اوون بھی شامل ہیں۔ پولیس کا کہنا ہے کہ وہ پرامن احتجاج کے حق کا احترام کرتی ہے اور کارروائی قانون کے مطابق کی گئی، تاہم ایمنسٹی انٹرنیشنل نے گرفتاریوں کو آزادی اظہار پر حملہ قرار دیتے ہوئے برطانوی حکومت سے احتجاج سے متعلق قوانین میں اصلاحات کا مطالبہ کیا ہے۔ احتجاج کی منتظم تنظیم ڈیفینڈ آور جیوریز نے بھی فلسطین ایکشن پر پابندی ختم کرنے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 34

رپورٹ میں بتایا گیا کہ علیمہ خان کو جیل میں بیڈشیٹ، کمبل، جوتے، 6 سوٹ، کالے رنگ کا بیگ، تولیہ، فیس واش، برش اور شال بھی فراہم کر دی گئی ہے۔ عدالت نے وکلا سے جیل میں ملاقات اور میڈیکل سہولیات فراہم کرنے کی درخواست پر ہوم سیکرٹری پنجاب کو قانون کے مطابق فیصلہ کرنیکا حکم دیا۔

بقیہ 35

۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ابتدائی اطلاعات کے مطابق مذکورہ شخص کی موت بجلی کا کرنٹ لگنے کے باعث ہوئی ہے، تاہم واقعے کی اصل وجوہات اور دیگر تمام پہلوؤں پر مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ واقعے سے متعلق حتمی اور مزید معلومات تحقیقات مکمل ہونے کے بعد سامنے آ جائیں گی۔

بقیہ 36

کے خلاف عملی قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا جائے گا، اور ایسی کسی بھی کشتی کو سمندر میں جانے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی۔ محکمہ ماہی گیری کے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق، وہ تمام کشتیاں جو ماہی گیری کے علاوہ کاروباری، تجارتی، مال برداری، سیاحتی، تفریحی یا ذاتی مقاصد کے لیے سمندر میں استعمال ہو رہی ہیں، ان کے مالکان بھی فوری طور پر محکمہ ماہی گیری کے دفتر سے رابطہ کر کے متعلقہ فارم حاصل کریں، ضروری کوائف اور دستاویزات مکمل کروائیں اور اپنی کشتیوں کو قانونی دائرہ کار میں لائیں۔ محکمہ ماہی گیری کا واضح کہنا ہے کہ اس مہم کا بنیادی مقصد سمندری حدود میں چلنے والی تمام کشتیوں کا باقاعدہ ریکارڈ مرتب کرنا، قانونی ضابطہ کاری کو یقینی بنانا، کشتی مالکان کو قانونی تحفظ فراہم کرنا اور سمندری سرگرمیوں کو زیادہ محفوظ اور منظم بنانا ہے۔ دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز لسبیلہ کی جانب سے تمام کشتی مالکان سے پرزور اپیل کی گئی ہے کہ وہ مزید کسی بھی مہلت کا انتظار کیے بغیر فوری طور پر اپنی کشتیوں کے کاغذات مکمل کر کے رجسٹریشن اور لائسنس حاصل کریں، تاکہ کل سے شروع ہونے والے آپریشن اور کارروائی کے دوران کسی بھی قسم کی دشواری یا قانونی کارروائی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ محکمہ ماہی گیری سمندری وسائل کے تحفظ اور ایک پرامن و منظم قانونی نظام کے قیام کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ 37

گئے، جن میں درست ووٹوں کی تعداد ایک لاکھ 40 ہزار 847 تھی، ریٹرننگ آفیسر کے مطابق ڈالے گئے ووٹوں کی شرح فی صد 29.46 رہی۔ واضح رہے کہ یہ نشست مسلم لیگ ن کے ایم این اے ملک محمد اقبال چنڑ کے انتقال کے باعث خالی ہوئی تھی۔

بقیہ 38

کمیشن نے گواہوں کے بیانات مکمل کرنے اور رپورٹ مرتب کرنیکیلئے 15 اکتوبر تک توسیع کا خط لکھا تھا۔ جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کا نوٹیفکیشن 24 اگست کو جاری کیا گیا تھا جبکہ کمیشن نے 27 اگست کو کام کا آغاز کیا تھا۔ محکمہ داخلہ سندھ نے ایک ماہ میں کارروائی مکمل کرنے کا کہا تھا۔ میر رضا کے اہل خانہ نے اعلی پولیس افسران سے سوالات کے جوابات بھی طلب کر رکھے ہیں۔ رجسٹرار کمیشن کے مطابق وزیر اعلی سندھ نے کمیشن توسیع کی منظوری دیدی ہے، کمیشن کی توسیع کی توثیق کابینہ کرے گا۔ خیال رہے کہ سندھ کابینہ کا اجلاس یکم اکتوبر کو شیڈول کیا گیا ہے۔

بقیہ 39

کے روز اسلام آباد میں ہواوے گلوبل سروس سینٹر کے دورے کے موقع پر میڈیا اور تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ ان کا کہنا تھا کہ باصلاحیت آئی ٹی ٹیلنٹ دنیا کے کونے کونے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ صرف وفاقی دارالحکومت میں بیٹھ کر ڈھائی ہزار نوجوان انجینئرز مشرق وسطی، افریقا اور لاطینی امریکا سمیت دنیا کی 100 سے زائد بین الاقوامی مارکیٹس کے ٹیلی کام و آئی ٹی نیٹ ورکس چلا رہے ہیں جو دنیا میں پاکستان کا ایک مضبوط اور باوقار تشخص قائم کر رہے ہیں۔ شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ حکومت ملک کے اندر ڈیجیٹل انقلاب اور نوجوانوں کی جدید سکلز ٹریننگ پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، اس سلسلے میں 3 لاکھ طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی سے لیس کرنے کے پروگرام کے تحت 200 سے زائد ملکی یونیورسٹیوں میں جدید آئی سی ٹی اکیڈمیاں قائم کی جا چکی ہیں جن سے تربیت پانے والے 400 سے زائد پاکستانی ماہرین بیرون ملک بین الاقوامی مارکیٹوں میں اہم خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان ڈیجیٹل کنیکٹیوٹی اور ٹیلی کام انفراسٹرکچر کے لحاظ سے نئے دور میں داخل ہو چکا ہے، ملک میں حال ہی میں 480 میگا ہرٹز کی تاریخی اور دنیا کی سب سے بڑی سپیکٹرم نیلامی کامیابی سے منعقد کی گئی ہے جو 5G اور جدید ترین مستقبل کی ٹیکنالوجیز کی بنیاد فراہم کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بین الاقوامی ٹیک کمپنیوں کے ساتھ شراکت داری کو محض سروسز تک محدود نہیں رکھ رہی بلکہ ملک میں ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ (R&D) سینٹرز کے قیام کو یقینی بنا رہی ہے تاکہ پاکستانی نوجوان عالمی سطح پر اختراعی منصوبوں کی قیادت کر سکیں۔

بقیہ 40

1.82 ڈالر یا 1.74 فیصد اضافے کے بعد 106.14 ڈالر فی بیرل ہوگئی۔ امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ خام تیل کی قیمت 1.14 ڈالر یا 1.23 فیصد اضافے کے بعد 93.55 ڈالر فی بیرل رہی۔

بقیہ 41

تھانے کی عمارت میں دھماکہ خیز مواد نصب کر کے دھماکہ کر دیا جس کے نتیجے میں تھانے کی عمارت مکمل طور پر زمین بوس ہوگئی خوش قسمتی سے واقعے کے وقت تھانے میں کسی اہلکار یا شہری کی موجودگی نہ ہونے کے باعث کوئی جانی نقصان نہیں ہوا جبکہ سرکاری ریکارڈ اور دستاویزات کی تھانے میں عدم موجودگی کی وجہ سے تمام ریکارڈ بھی بالکل محفوظ رہا ذرائع کے مطابق پولیس تھانہ کٹھن کو تین ماہ قبل خالی کر دیا گیا تھا واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو مکمل طور پر گھیرے میں لے لیا بم ڈسپوزل اسکواڈ اور فورسز نے تمام ممکنہ شواہد اکٹھے کرنے کے بعد ملزمان کی گرفتاری کے لیے پورے علاقے میں وسیع پیمانے پر سرچ آپریشن شروع کر دیا ہے پولیس حکام کا کہنا ہے کہ نا معلوم مسلحہ افراد کو جلد از جلد قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا اور امن وامان کی بحالی کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 42

گرد ٹریفک پولیس موبائل بھی لے گئے جسے بعدازاں گرہ بڑھا سے برآمد کیا گیا، اس کے علاوہ ملزمان کی فائرنگ سے 2 راہ گیر بھی زخمی ہوئے۔ ڈی پی او نے بتایا کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے تمام شاہراہوں اور پیدل راستوں کی ناکہ بندی کر دی گئی ہے۔ ڈی پی او کے مطابق مسلح ملزمان کی فائرنگ سے اے ایس آئی عصمت اللہ زخمی ہوئے جنہیں فوری طبی امداد کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے

بقیہ 43

کو نشانہ بنانا کسی صورت قابل قبول نہیں ایسے واقعات سے عوام میں تشویش پیدا ہوتی ہیانہوں نے کہا کہ دہشت گردی کی کارروائیاں بلوچستان میں جاری ترقیاتی عمل کو متاثر نہیں کر سکتیں صوبے میں جاری ترقیاتی منصوبے عوام کی فلاح و بہبود اور بہتر مستقبل کے لیے انتہائی اہم ہیں جنہیں ہر صورت جاری رکھا جانا چاہیئے انہوں نے کہا کہ مغوی کارکنوں کی بحفاظت بازیابی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں انہوں نے شہید سیکورٹی گارڈ کے اہل خانہ سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مغویوں کی جلد اور بحفاظت بازیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 44

ہے۔ حوثیوں سے وابستہ ٹی وی چینل المسیرہ نے اس سے قبل اعلان کیا تھا کہ ایک فضائی حملے میں سات افراد ہلاک اور 40 زخمی ہوئے، جس کے بارے میں اس نے کہا تھا کہ یہ حملہ سعودی عرب نے کیا اور ایک بازار کو نشانہ بنایا، تاہم بعدازاں چینل نے حوثیوں کی وزارت صحت کے حوالے سے بتایا کہ زخمیوں میں پانچ بچے بھی شامل ہیں۔ حوثیوں کی وزارت صحت نے کہا کہ حملے میں تعز صوبے کے مویہ چوراہے پر واقع ایک بازار اور متعدد دکانوں کو نشانہ بنایا گیا، جبکہ بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ یمنی حکومت نے کہا کہ اس کی فورسز نے اسی چوراہے پر حوثیوں کے ایک کیمپ اور فوجی گاڑیوں کو نشانہ بنایا۔ حوثی ترجمان یحییٰ سریع نے سعودی عرب پر تعز کے مضافات میں ایک بازار کو نشانہ بنانے والے دو فضائی حملے کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ ان حملوں میں ہلاکتوں اور زخمیوں سمیت تقریبا 50 افراد متاثر ہوئے، اس حملے کا جواب ضرور دیا جائے گا۔ بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ یمنی حکومت کی مسلح افواج کے سرکاری ترجمان کرنل ماجد عبداللہ النزیلی نے اعلان کیا کہ مسلح افواج نے 72 گھنٹوں کے دوران 756 درست اور موثر کارروائیاں کیں اور حوثیوں کے 2,316 جنگجوؤں کو نشانہ بنایا گیا جن میں چار ایرانی شہری بھی شامل ہیں۔

بقیہ 45

ہے۔ گورنر کے پی نے صوبے کی امن وامان کی صورتحال کے حوالے سے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن و امان کی صورتحال انتہائی تشویشناک ہے۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ کے پی کے کے ینگ ڈاکٹرز، نرسز اور فاٹا و پاٹا کے پولیس اہلکار ہڑتال پر ہیں۔ حکومت کو پہلے اپنے صوبے کے مسائل حل کرنے چاہئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی اسلام آباد پر امن مارچ کے لیے نہیں جا رہی، ماضی کا ریکارڈ بھی اتنا اچھا نہیں۔ فیصل کریم نے سوال اٹھایا کہ "اپنے صوبے میں امن قائم نہیں کر سکتے اور کہتے ہیں اسلام آباد جانا ہے؟ اگر اسلام آباد پہنچ بھی جائیں تو کیا بانی پی ٹی آئی جیل سے باہر آ جائیں گے؟۔ انہوں نے واضح کیا کہ بانی پی ٹی آئی کو عدالتوں نے سزا دی ہے اور عدالتیں ہی انہیں رہا کریں گی۔ گورنر راج سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ جب کوئی راستہ نہیں بچتا تو گورنر راج آخری آپشن ہوتا ہے، اس کے لیے وفاقی حکومت اور صدر مملکت کافی سوچ بچار کے بعد فیصلہ کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اپوزیشن فی الحال عدم اعتماد کی تحریک نہیں لا سکتی، عدم اعتماد تب ہی ممکن ہوگی جب پی ٹی آئی میں فارورڈ بلاک بنے گا۔ فیصل کریم کنڈی نے صوبائی حکومت کو چیلنج دیتے ہوئے کہا "یہ سمجھتے ہیں اسمبلی توڑ دیں گے تو کیا ضمنی الیکشن نہیں ہوگا؟ اسمبلی کل توڑنی ہے تو آج توڑ دیں، پھر دیکھیں گے کہ یہ کیسے دوبارہ الیکشن جیت کر آتے ہیں۔ فیصل چوہدری سے متعلق بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فیصل چوہدری میرے دوست اور بھائی ہیں، لیکن ان کے بھائی نے بھی عہدوں کے لئے کتنی پارٹیاں بدلی ہیں، میں گورنر رہوں یا نہ رہوں، اپنے خاندان کا نام تبدیل نہیں کروں گا۔ ان کا کہنا تھا کہ میں نے چار دن پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ یہ لوگ لانگ مارچ نہیں کر سکتے، اور اگلے دو چار دنوں میں پتہ چل جائے گا کہ سہیل آفریدی اور علی امین کی ملاقات میں کیا باتیں ہوئی ہیں۔

بقیہ 46

کی بنیاد ہے، معلومات تک رسائی کے حق کا تحفظ ایک شفاف اور جوابدہ معاشرے کے لیے ضروری ہے۔ سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز اور مصنوعی ذہانت کے دور میں مستند معلومات کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے، شہریوں کو مستند معلومات تک آسان اور بروقت رسائی فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، غلط اور گمراہ کن معلومات کے پھیلا کی روک تھام کے لیے درست معلومات کی فراہمی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ معلومات تک رسائی شفافیت، احتساب اور عوامی اعتماد کو فروغ دیتی ہے، عوام کو اپنے حقوق اور دستیاب سہولیات سے آگاہ کرنے کے لیے مستند معلومات تک رسائی ضروری ہیانہوں نے کہا کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام مستحق خواتین کو پروگرام سے متعلق درست اور بروقت معلومات کی فراہمی کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، مستحقین کو ان کے حقوق اور سہولیات سے آگاہ کرنا بی آئی ایس پی کی ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے حق معلومات شفافیت اور مستند معلومات کی فراہمی کے لیے اقدامات جاری رکھیں گے۔

بقیہ 47

اور معقول پابندیوں سے مشروط ہے۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ رائٹ آف ایکسیس ٹو انفارمیشن ایکٹ 2017 وفاقی سطح پر معلومات تک رسائی کے لئے قانونی فریم ورک فراہم کرتا ہے، تاہم ڈیجیٹل پلیٹ فارمز، مصنوعی ذہانت اور دیگر ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کی تیز رفتار ترقی نے معلومات کی تیاری، ترسیل اور استعمال کے طریقہ کار کو تبدیل کر دیا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ موجودہ دور میں چیلنج صرف معلومات کی دستیابی نہیں بلکہ شہریوں کے لئے قابل اعتماد معلومات اور جھوٹی، گمراہ کن یا مصنوعی طور پر تبدیل شدہ معلومات کے درمیان فرق کرنا بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مختلف ریاستی و غیر ریاستی عناصر، دہشت گرد اور جرائم پیشہ نیٹ ورکس جبکہ بے قابو اور حد سے زیادہ طاقتور ٹیکنالوجی کمپنیاں معلومات کو مسخ یا اپنے مقاصد کے لئے استعمال کر سکتی ہیں۔ صدر مملکت نے کہا کہ اس صورتحال میں عوام دوست صحافیوں، میڈیا اداروں، ابلاغی ماہرین، محققین اور دیگر ماہرین کا کردار مزید اہم ہوگیا ہے، جو شہریوں کو تیزی سے بدلتے ہوئے معلوماتی ماحول میں درست معلومات تک رسائی میں مدد دے سکتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ شہریوں کے حق معلومات کا تحفظ یقینی بناتے ہوئے یہ امر بھی ملحوظ رکھا جائے کہ منافع پر مبنی غلط اور گمراہ کن معلومات کے تدارک کی کوششیں عوامی مفاد میں صحافت، منصفانہ تنقید اور بامعنی عوامی مباحثے کو دبانے کا ذریعہ نہ بنیں۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ سرکاری اداروں کی شفافیت، جوابدہی اور ذمہ دارانہ ابلاغ ناگزیر ہے، شہریوں کو خصوصا ان معاملات پر معتبر ذرائع سے قابل اعتماد معلومات حاصل ہونی چاہئیں جو براہ راست ان کی زندگیوں کو متاثر کرتے ہیں۔

بقیہ 48

رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں ایرانی فوجی کمانڈر کے اس دعوے کو غلط قرار دیا کہ پاسداران انقلاب آبنائے ہرمز پر مکمل کنٹرول رکھتی ہے۔ سینٹکام کے بیان بیان میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ آبنائے ہرمز پر ایران کے مکمل کنٹرول کا دعویٰ حقیقت کے برعکس ہے کیوں کہ امریکی افواج ایرانی بحریہ کو تباہ کر چکی ہیں اور اب ایران کے پاس بحریہ موجود نہیں ہے۔ امریکی فوج کے بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ مطابق گزشتہ چند ماہ کے دوران آبنائے ہرمز سے ایک ارب بیرل سے زائد تیل گزر چکا ہے جو اس بات کا ثبوت ہے کہ ایران اس اہم تزویراتی بحری گزرگاہ پر مکمل کنٹرول نہیں رکھتا۔

بقیہ 49

، پی ٹی آئی نے 13 سال حکومت کی، خیبر پختونخوا کے عوام نے جس مقصد کیلئے پی ٹی آئی کو ووٹ دیا، وہ نظر نہیں آ رہا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ وزیر اعلی کا کوئی تجربہ نہیں ہے، وزیر اعلی کو صرف دو ٹارگٹ دیئے گئے ہیں، ایک جتنا لوٹ سکتے ہو لوٹو، دوسرا قیدی کی رہائی، صوبے میں تعلیم، صحت اور بنیادی سہولتیں نہیں دی جا رہیں، سہیل آفریدی کی حکومت کو ابھی تک یہی معلوم نہیں کہ انہوں نے کرنا کیا ہے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ صوبے میں سب سے بڑا مسئلہ امن و امان کا ہے، امن نہ ہو تو ترقی کی طرف آگے بڑھنا مشکل ہے، امن کے قیام کے لیے مؤثر اقدامات کرنا ہوں گے، قیام امن اور عوامی مسائل کے حل پر توجہ دینا ضروری ہے، ہم یہاں رہتے ہیں اور زمینی حقائق کی بنیاد پر بات کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے واقعات پر پی ٹی آئی قیادت کے بیانات پر سوالات اٹھتے ہیں، سکیورٹی اہلکار جانیں دے رہے ہیں، ان کی قربانیوں کو کمتر ظاہر نہیں کرنا چاہیے، ہم بہت سوچ سمجھ کر جلسوں اور دیگر سرگرمیوں میں شرکت کرتے ہیں، ہمارے لئے ہر موقع پر سکیورٹی ایک بڑا مسئلہ ہوتا ہے، پی ٹی آئی کے جلسوں اور ریلیوں میں دہشتگردی کے واقعات کیوں پیش نہیں آئے؟ پی ٹی آئی قیادت کو کے پی میں سرگرمیوں کے دوران سکیورٹی خدشات کیوں نہیں ہوتے۔ ان کا کہنا ہے کہ ہم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں اپنے لوگوں اور کارکنوں کی شہادتیں دیکھ چکے، مختلف سیاسی جماعتوں کے کارکنوں اور رہنماں کے خاندان بھی دہشتگردی سے متاثر ہوئے، یہاں کے عوام کی تکلیف ہم سب کی تکلیف ہے، ایک کٹھ پتلی وزیر اعلی عوام کے مینڈیٹ کی حفاظت نہیں کر سکتا، سہیل آفریدی کیٹرز حکومت سے لگتا ہے کہ صوبائی حکومت دہشتگردوں سے مل گئی ہے، آج پورے صوبے میں دہشتگردوں کا راج ہے۔ امیر مقام نے کہا کہ آئین کے خلاف قانون سازی منظور نہیں، وزیر اعلی سہیل آفریدی آئی جی پی اور چیف سیکرٹری کو اپنا ماتحت بنانا چاہتے ہیں، صوبائی حکومت آئی جی سے ڈی ایس پی تک پولیس پر کنٹرول چاہتی ہے، ایسے اقدامات سے پولیس کا مورال متاثر ہوگا۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ راستے بند ہیں، خیبر پختونخوا کے عوام مشکلات میں ہیں، وزیر اعلی نے پہلے 27 ستمبر کی تاریخ دی، ہمیں بھی پتا چلے کہ کتنی عوام ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ طالبان کو دوبارہ واپس لانے اور افغانستان سے بات چیت پر بھی زور دیا جا رہا ہے، تھانوں کی قیمتیں لگانے کے لئے پولیس کو اپنے ماتحت کیا جا رہا ہے، دہشتگردی کے خلاف صوبائی حکومت کی کوئی حکمت عملی نظر نہیں آتی، شہدا سے متعلق بیان نے فوج اور پوری قوم کے جذبات مجروح ہوئے، پی ٹی آئی ہمیشہ کالعدم ٹی ٹی پی اور دہشتگردوں سے مذاکرات کی بات کرتی ہے، دہری پالیسی اور معیار کا نشانہ عوام اور سکیورٹی فورسز بنتی ہیں۔ رہنما مسلم لیگ ن کا کہنا تھا کہ سہیل آفریدی کٹھ پتلی وزیر اعلی بنا ہوا ہے، وزیر اعلی ہاؤس میں عوام کی فلاح کیلئے کچھ نہیں، صرف لانگ مارچ کے لئے ٹھیکیداروں سے چندہ جمع کیا جا رہا ہے، لانگ مارچ کی وجہ سے خیبر پختونخوا اور اسلام آباد بند ہیں، باقی ملک میں معمول کی سرگرمیاں جاری ہیں۔ امیر مقام نے کہا کہ 27 ستمبر کو نکلنا تھا لیکن جب رپورٹ آئی کہ کوئی نہیں نکلے گا تو لانگ مارچ 4 اکتوبر تک ملتوی کر دیا، سہیل آفریدی مدد کیلئے سابق وزیر اعلی علی امین گنڈا پور کے پاس پہنچ گئے، سہیل آفریدی کا آگے چلنا ناممکن ہے، سہیل آفریدی صاحب آپ مزید وزیر اعلی نہیں رہ سکتے، گورنر راج ایک آپشن ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اندرونی اور بیرونی تباہی پر سہیل آفریدی کو جانا ہوگا، سہیل آفریدی کے غیر قانونی اقدامات کے باعث گورنر راج کے تمام قانونی تقاضے پورے ہیں، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نفیس آدمی ہیں، باقی کسی بھی وقت کچھ بھی ہو سکتا ہے، کوئی آپشن چلے یا نہ چلے، سہیل آفریدی نہیں چل سکے گا، سہیل آفریدی نہ پارٹی کے اندر ہوگا اور نہ پارٹی کے باہر، سہیل آفریدی وزارت اعلی سے ہٹنے کے بعد لوٹ مار کے جرم میں جیل کے اندر ہوگا۔ ایک سوال کے جواب میں امیر مقام کا کہنا تھا کہ مذاکرات کی بات تو شہباز شریف نے اپوزیشن لیڈر ہوتے ہوئے بھی کی تھی، ایک قیدی کے ساتھ مذاکرات نہیں ہو سکتے، یہ مجرم ہے، عدالت جائے، ایشوز پر مذاکرات کیلئے تیار ہیں، لیکن ایک مجرم کے یک نکاتی ایجنڈے پر مذاکرات نہیں کر سکتے۔

بقیہ 50

پی ٹی وی ہیڈکوارٹرز میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ سینیٹر طلال چوہدری نے بتایا کہ ڈی آئی خان چیک پوسٹ حملے میں سکیورٹی اہلکاروں سمیت معصوم سویلینز، خواتین، بچے اور غیر مسلح ریسکیو اہلکار شہید ہوئے، ہلاک دہشت گرد کا نادرا میں کوئی ریکارڈ نہیں ملا، تاہم اوپن سورس انٹیلی جنس کے ذریعے تصدیق ہوئی کہ اس کی تصویر کابل کے ایک چوک کی ہے، جس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ پراکسیز مشرقی سرحد سے فنڈ اور مغربی سرحد کی محفوظ پناہ گاہوں سے آپریٹ ہو رہی ہیں۔ وزیر مملکت نے کہا کہ پاکستان نے دوطرفہ سطح، بین الاقوامی فورمز، ڈوزیئرز اور مذاکرات کے ذریعے بارہا کابل انتظامیہ کو سمجھایا لیکن افغان عبوری حکومت نے اپنی سرزمین کا پاکستان کے خلاف استعمال نہیں روکا، معصوم شہریوں اور ریسکیو اہلکاروں پر حملے ڈالروں کے عوض کی جانے والی کھلی دہشت گردی ہے۔ انہوں نے وزیر اعلی خیبر پختونخوا کے دورہ ڈی آئی خان پر سوال اٹھایا کہ اتنی طویل پریس کانفرنس میں وزیر اعلی نے افغانستان کا نام لے کر مذمت کیوں نہیں کی؟ صوبائی قیادت دہشت گردوں کے خلاف آخر کیوں نرم گوشہ اپنائے ہوئے ہے؟ انہوں نے کہا کہ کے پی کی سیاسی قیادت 14 سال سے سکیورٹی فورسز کی پشت پر کھڑی نہیں ہوئی۔ کے پی حکومت بتائے کہ این ایف سی کے تحت ملنے والے 800 ارب روپے کہاں خرچ ہوئے؟ صوبے میں سی ٹی ڈی آج بھی کرائے کے مکانوں میں ہے اور فورسز کے پاس نہ بلٹ پروف گاڑیاں ہیں، نہ جیکٹس اور نہ ہی جدید ٹریننگ، جبکہ پولیس ایکٹ میں ترامیم کے ذریعے پولیس سے اختیارات بھی چھیننے کی کوشش کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ کے پی قیادت سکیورٹی اجلاسوں، اے پی سی اور نیشنل کانٹر ٹیررازم میٹنگز میں شرکت نہیں کرتی، صرف این ایف سی فنڈز مانگنے اسلام آباد آتی ہے، جب صوبائی حکومت قومی سلامتی کے فورمز سے راہ فرار اختیار کرے گی اور دشمن کا نام لینے سے کترائے گی تو دہشت گردی کے خلاف جنگ کیسے جیتی جائے گی؟ صحافیوں کے سوالات کے جواب دیتے ہوئے طلال چوہدری نے واضح کیا کہ اسلام آباد کے 325 راستوں میں سے کوئی بند نہیں کیا گیا، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور عدالتی احکامات کے تحت کنٹینرز سمیت احتیاطی انتظامات رکھے گئے ہیں جنہیں ضرورت پڑنے پر استعمال کیا جائے گا، جبکہ سامان والے کنٹینرز روکنے کی کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی۔ ایک اور سوال پر انہوں نے کہا کہ فرانزک لیبز، سیف سٹیز اور جدید آلات کے بغیر امن قائم نہیں ہو سکتا، مگر کے پی کے آدھے سے زائد اضلاع میں آج بھی سی ٹی ڈی موجود نہیں۔ دہشت گردی سے شدید متاثرہ پشاور میں صرف 25 کیمرے تھے اور پہلا سیف سٹی پروجیکٹ اب مکمل ہونے کے قریب ہے۔ پنجاب نے سی ٹی ڈی اور سیف سٹیز بنا کر دہشت گردی کا خاتمہ کیا جبکہ کے پی حکومت نے 14 سال میں ادارے قائم نہیں کیے۔ انہوں نے کہا کہ وہ جلد وفاقی وزیر اطلاعات کے ہمراہ نیشنل ایکشن پلان کے 14 نکات پر وفاق اور صوبوں کی کارکردگی پر تفصیلی بریفنگ دیں گے۔

بقیہ 51

عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی، تاہم پارٹی کے مطابق عوام نے ان کوششوں کو مسترد کیا اور 2024 کے انتخابات میں پارٹی کے نامزد امیدواروں کو کارکردگی کی بنیاد پر ووٹ دیے۔ ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے بیان میں مزید الزام عائد کیا گیا ہے کہ پارٹی کی سیاسی کارکردگی سے خوفزدہ عناصر نے انتخابی نتائج پر اثر انداز ہونے کی کوشش کی اور پارٹی قیادت و کارکنوں کے خلاف مقدمات قائم کر کے انہیں جمہوری سیاسی جدوجہد سے ہٹانے کی کوشش کی گئی۔ بیان میں کہا گیا کہ اس سے قبل بھی پارٹی قیادت اور کارکنوں کے خلاف مقدمات کے ذریعے انہیں کوئٹہ کے شہریوں کے حقوق کی جدوجہد سے دستبردار کرانے کی کوششیں کی جاتی رہی ہیں، تاہم قیادت اور کارکنوں نے ثابت قدم رہتے ہوئے قانونی اور سیاسی جدوجہد جاری رکھی۔ پارٹی نے عبدالخالق ہزارہ کو مقدمے سے بری ہونے پر قیادت اور کارکنوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ کے شہریوں کے حقوق کے لیے جمہوری اور سیاسی جدوجہد جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 52

پاکستان مضطرب عوام کے لئے بہترین چوائس بن کر سامنے آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف وطن واپسی پر وقت ضائع کیے بغیر امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان سے مذاکرات کریں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت پیٹرول پر عائد لیوی ٹیکس فوری طور پر ختم کرے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے۔

بلوچستان کے 27 اضلاع میں 32 ڈائیلاسز سینٹرز فعال، مزید کام جاری

6 ڈائیلاسز سینٹرز کوئٹہ کے مختلف سرکاری اسپتالوں میں فعال ہیں، صوبے کے دیگر 26 اضلاع میں بھی ڈائیلاسز سینٹرز کام کررہے ہیں

کوئٹہ میں کڈنی سینٹر اور سول اسپتال کے علاوہ دیگر 30 سینٹرز میں 850 مریض رجسٹرڈ ہیں، محکمہ صحت

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے 27 اضلاع میں امراض گردہ کے مریضوں کیلیے 32 ڈائیلاسز سینٹرز فعال کردیئے گئے ہیں۔ محکمہ صحت حکام نے بتایا کہ 6 ڈائیلاسز سینٹرز کوئٹہ کے مختلف سرکاری اسپتالوں میں فعال ہیں، صوبے کے دیگر 26 اضلاع میں بھی ڈائیلاسز سینٹرز کام کررہے ہیں۔ حکام محکمہ صحت نے یہ بھی بتایا کہ کوئٹہ میں کڈنی سینٹر اور سول اسپتال کے علاوہ دیگر 30 سینٹرز میں 850 مریض رجسٹرڈ ہیں۔ محکمہ صحت کے مطابق موسیٰ خیل اور دکی میں ڈائیلاسز سینٹرز پر کام جاری ہے جو اگلے ماہ تک فعال ہوں گے۔ محکمہ صحت کے مطابق قلعہ عبداللہ، جھل مگسی، سوراب، واشک، لسبیلہ میں جلد ڈائیلاسز سینٹرز بنائے جائیں گے۔

حکومت آئی ٹی برآمدات میں 25 ارب ڈالر ہدف کیلئے پرعزم

نوجوان اور خواتین ٹیلنٹ پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہے، شزہ فاطمہ خواجہ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا ہے کہ پاکستان کی آئی ٹی برآمدات میں سالانہ 20 فیصد سے زائد ترقی ہو رہی ہے اور حکومت وزیراعظم کے مقرر کردہ 25 ارب ڈالر کے برآمدی ہدف کے حصول پر سنجیدگی سے گامزن ہے، 24 کروڑ ملکی آبادی میں 68 فیصد نوجوان اور ورک فورس کا 50 فیصد خواتین ہیں جن کی بنیاد پر ملک کا ڈیجیٹل سروسز سیکٹر عالمی مارکیٹس میں مسابقت کر رہا ہے اور اب ملکی معیشت روایتی کارگو شپمنٹس کی بجائے جدید نالج بیسڈ سروسز پر منتقل ہو رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے پیر (باقی صفحہ 3 نمبر39)

پشاور: وفاقی وزیر انجینئر امیر مقام پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

گڈانی، غیر رجسٹرڈ کشتیوں کی رجسٹریشن کے لیے مہلت ختم، کل سے سخت قانونی کارروائی کا آغاز

ماہی گیری، تجارتی، سیاحتی اور ذاتی استعمال کی تمام کشتیاں رجسٹرڈ کرانے کی آخری ہدایت، محکمہ ماہی گیری کا سخت انتباہ

گڈانی (یواین اے) محکمہ ماہی گیری کی جانب سے کشتیوں کی باقاعدہ رجسٹریشن اور لائسنس کے اجرا کے لیے دی گئی خصوصی مہلت اب مکمل طور پر ختم ہو چکی ہے۔ اس حوالے سے تمام کشتی مالکان بشمول ماہی گیری، کاروباری، مال بردار، سیاحتی، تفریحی اور ذاتی استعمال کی کشتیوں کے مالکان کو آخری بار سختی سے مطلع کیا جاتا ہے کہ کل سے غیر رجسٹرڈ اور بغیر لائسنس کشتیوں (باقی صفحہ 3 نمبر36)

سوراب، بڑو میدانی علاقے سے ایک شخص کی لاش برآمد

متوفی کی شناخت نور احمد محمد حسنی کے نام سے ہوئی، لاش سول اسپتال منتقل کرکے تفتیش شروع کردی گئی

سوراب (یواین اے) سوراب کے بڑو میدانی ایریا سے ایک شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے، جس کی شناخت نور احمد ولد میرزا خان، قوم محمد حسنی، سکنہ بنگلو سوراب کے نام سے کر لی گئی ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی اور لاش کو تحویل میں لے کر سول اسپتال سوراب منتقل کر دیا گیا، جہاں ضروری طبی کارروائی کی جارہی ہے (باقی صفحہ 3 نمبر35)

برطانیہ میں فلسطین کی حمایت میں احتجاج کرنے والے 50 افراد گرفتار

ایمنسٹی انٹرنیشنل کا برطانوی حکومت سے احتجاج سے متعلق قوانین میں اصلاحات کا مطالبہ

لندن (جی این ایم) برطانیہ کے شہر لیورپول میں لیبر پارٹی کی کانفرنس کے باہر فلسطین ایکشن کی حمایت میں ہونے والے احتجاج کے دوران پولیس نے 50 افراد کو گرفتار کرلیا۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق پولیس نے بتایا کہ 250 سے زائد مظاہرین احتجاج میں شریک تھے جن میں کئی افراد نے ایسے پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر فلسطین ایکشن کی حمایت (باقی صفحہ 3 نمبر33)

لاہور ہائیکورٹ کا عدالتی نوٹس کے بعد نظر بند شخص کی گرفتاری پر اظہار تشویش

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ نے عدالتی نوٹس جاری ہونے کے فوری بعد نظر بند شخص کو دوسرے مقدمے میں گرفتار کرنے کے معاملے پر پولیس کی کارروائی پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور کو گرفتاری کے تمام حالات کی ذاتی طور پر انکوائری کا حکم دے دیا۔ جسٹس سردار اکبر علی ڈوگر نے شہری بہروز خان کی درخواست پر تحریری عبوری حکم جاری کرتے ہوئے (باقی صفحہ 3 نمبر32)

کوئٹہ، قلات، مستونگ اور نوشکی میں گرمی کا زور ٹوٹ گیا، خزاں کا باقاعدہ آغاز

ساون کے اختتام اور سائبیرین ہواؤں کے اثرات سے راتیں سرد ہونے لگیں، صبح وشام کی خنکی میں نمایاں اضافہ، محکمہ موسمیات

کوئٹہ (یواین اے) بلوچستان کے مختلف اضلاع میں موسم نے ایک بار پھر خوبصورت کروٹ بدل لی ہے، جہاں کوئٹہ، قلات، مستونگ اور نوشکی سمیت کئی علاقوں سے گرمی آہستہ آہستہ رخصت ہوچکی ہے اور خزاں کے موسم نے اپنی آمد کا باقاعدہ پیغام دے دیا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق روایتی ساون کے اختتام کے ساتھ ہی خطے میں موسمِ خزاں کا آغاز ہو چکا ہے۔ سائبیرین ہواؤں کے ہلکے اثرات کے باعث شدید گرمی کا زور مکمل طور پر ٹوٹ گیا ہے، جس سے موسم خوشگوار ہوگیا ہے۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق صوبے کے ان میدانی اور پہاڑی علاقوں میں اب راتیں سرد ہونا شروع ہوگئی ہیں، جبکہ دن کے اوقات میں بھی ہلکی خنکی محسوس کی جارہی ہے۔ بالخصوص صبح اور شام کے اوقات میں ٹھنڈی ہواؤں کے باعث خنکی میں نمایاں اضافہ دیکھا جارہا ہے، جس سے شہریوں (باقی صفحہ 3 نمبر31)

تعزیتی ریفرنس
بیاد
میر غوث بخش بزنجو
میر حاصل خان بزنجو

کوئٹہ، سابق وزیراعلیٰ، ڈاکٹر عبدالمالک ممتاز بلوچ رہنما میر غوث بخش بزنجو اور میر حاصل خان بزنجو کے لیے تعزیتی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

ایران کے پاس صرف ڈیڑھ کروڑ بیرل تیل باقی رہ گیا

ہم ایرانی تیل کو باہر جانے یا برآمد کرنے کی اجازت نہیں دے رہے، اسکاٹ بیسنٹ

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ تنازع ختم ہونے کے بعد تیل کی قیمتیں بہت کم ہوجائیں گی، ایران کے پاس صرف ڈیڑھ کروڑ بیرل تیل باقی رہ گیا ہے۔ فاکس نیوز سے گفتگو میں امریکی وزیر خزانہ اسکاٹ بیسنٹ نے کہا کہ ایران دو ہفتوں میں تیل کے بدلے اشیا حاصل کرنے کی صلاحیت کھو دے گا، میرا خیال ہے ایران دباؤ محسوس کر رہا ہے، اسی لیے وہ معاہدہ کرنا چاہتا ہے۔ اسکاٹ بیسنٹ کا کہنا تھا کہ ہم ایرانی تیل کو باہر جانے یا برآمد کرنے کی اجازت نہیں دے رہے، ایران آئندہ دو ہفتوں میں چین کو تیل کی آخری کھیپ بھیج سکتا ہے، ٹرمپ کی جانب سے بنائی گئی فولادی ناکہ بندی اب بھی نافذ ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کی اجازت سے ایک ارب بیرل گزر ا لیکن ایران کا ایک بیرل بھی نہیں، جنگ میں ایران کی میزائل اور ڈرون صلاحیتوں کو شدید نقصان پہنچایا گیا ہے، ایران کی 85 سے 90 فیصد میزائل فیکٹریاں تباہ کردی گئی۔

پی ٹی آئی کے مطالبات جائز، گورنر راج گلے پڑجائیگا، حافظ نعیم

پیٹرول پر عائد لیوی قیمت سے متعلق نہیں، یہ عوام پر بھتہ اور گنڈا ٹیکس ہے، آئی ایم ایف پروگرام میں پیٹرول لیوی عائد کرنا لازمی شرط نہیں

پیٹرول اور بجلی کی قیمتیں کم ہونی چاہئیں، ریلیف نہ ملا تو لانگ مارچ کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں ہوگا، امیر جماعت اسلامی کی میڈیا سے گفتگو

کراچی (جی این ایم) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے مطالبات جائز ہیں، گورنر راج گلے پڑ جائے گا، پیٹرول اور بجلی کی قیمتیں کم ہونی چاہئیں، ریلیف نہ ملا تو لانگ مارچ کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں ہوگا۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا ہے کہ سیاسی کشمکش میں عوام کے اصل مسائل نظر انداز ہوگئے ہیں، عوام جن کے ووٹ اور حمایت سے سیاسی جماعتیں آگے بڑھتی ہیں، انہی کے مسائل نظر انداز ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں مہنگائی نے عوام کی زندگی اجیرن کردی ہے، بجلی اور گیس کی لوڈشیڈنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ ٹرانسپورٹ، تعلیم، صحت اور روزگار عوام کے بنیادی مسائل ہیں۔ حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پیٹرول کی قیمت میں کمی عوام کا بنیادی (باقی صفحہ 3 نمبر28)

میر رضا علی قتل کیس، جوڈیشل کمیشن مدت ختم، کارروائی دو اکتوبر تک ملتوی

کراچی (جی این ایم) سندھ حکومت کی جانب سے میر رضا علی کے قتل کیس کی غیر جانبدارانہ اور شفاف تحقیقات کے لیے بنائے گئے جوڈیشل کمیشن کی مدت ختم ہوگئی، کارروائی دو اکتوبر تک ملتوی کردی گئی۔ ذرائع کے مطابق محکمہ داخلہ سندھ نے جوڈیشل کمیشن کی مدت میں توسیع سے متعلق تاحال فیصلہ نہیں کیا، جوڈیشل (باقی صفحہ 3 نمبر38)

این اے 168 بہاولپور ضمنی انتخاب کا فارم 47 جاری، ملک منیر اقبال چنڑ کامیاب قرار

بہاولپور (جی این ایم) این اے 168 ضمنی الیکشن میں ریٹرننگ آفیسر نے فارم 47 جاری کر دیا جس کے مطابق مسلم لیگ ن کے ملک منیر اقبال چنڑ کامیاب قرار پائے ہیں۔ فارم 47 کے مطابق ملک منیر اقبال چنڑ نے 87 ہزار 789 ووٹ حاصل کیے ہیں، جب کہ آزاد امیدوار ولید داد چیمہ 39 ہزار 888 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے۔ این اے 168 بہاولپور میں ایک لاکھ 42 ہزار 320 ووٹ کاسٹ کیے (باقی صفحہ 3 نمبر37)

ٹرمپ کی ایران کی جنگ بندی کی تجویز مسترد، تیل کی قیمتوں میں دوبارہ اضافہ

برینٹ خام تیل کی قیمت 1.82 ڈالر اضافے کے بعد 106.14 ڈالر فی بیرل ہوگئی

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے تنازع کے حل اور آبنائے ہرمز دوبارہ کھولنے سے متعلق ایران کی تجویز مسترد کیے جانے کے بعد تیل کی قیمتوں میں معمولی اضافہ ہوگیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق پیر کو عالمی منڈی میں برینٹ خام تیل کی قیمت (باقی صفحہ 3 نمبر1)

کچھی، نامعلوم افراد نے پولیس تھانہ کٹھن کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا عمارت زمین بوس

سکیورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو مکمل طور پر گھیرے میں لے کر تفتیش شروع کردی گئی

بولان (اے این این) تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کچھی بولان میں امن وامان کی صورتحال پر سوالیہ نشان کٹھن کے علاقائی پولیس تھانے کو نامعلوم مسلحہ افراد نے دھماکہ خیز مواد کے ذریعے تباہ کردیا نامعلوم افراد نے سوموار کی ارلی صبح کا فائدہ اٹھاتے ہوئے کٹھن پولیس (باقی صفحہ 3 نمبر2)

گورنر راج حکومت خوشی سے نہیں، آخری آپشن ہوتا ہے، فیصل کریم کنڈی

اسمبلی کل توڑنی ہے تو آج توڑ دیں، پھر دیکھیں گے کہ یہ کیسے دوبارہ الیکشن جیت کر آتے ہیں

پشاور (جی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ گورنر راج حکومت خوشی سے نہیں لگاتی وہ آخری آپشن ہوتا ہے تاہم گورنر راج لگانے پر وفاقی حکومت اور صدر کافی سوچیں گے۔ ایک انٹرویو میں فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ جو کچھ بھی ہوگا وہ آئین اور قانون کے مطابق ہوگا، اور گورنر راج خوشی سے نہیں بلکہ بالکل آخری آپشن کے طور پر لگایا جاتا (باقی صفحہ 3 نمبر6)

مزدوروں پر حملہ قابل مذمت ہے، سردار عبدالرحمٰن کھیتران

سکیورٹی گارڈ کی شہادت اور تعمیراتی کارکنوں کے اغوا کا واقعہ انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے

کوئٹہ (جی این ایم) سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے دکی کے علاقے میں سڑک کی تعمیر پر مامور کارکنوں پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکورٹی گارڈ کی شہادت اور تعمیراتی کارکنوں کے اغوا کا واقعہ انتہائی افسوسناک اور قابلِ مذمت ہے انہوں نے کہا کہ بے گناہ محنت کشوں (باقی صفحہ 3 نمبر7)

رکھنی، چھپر کے مقام پر تیز رفتار کوچ حادثے کا شکار، 8 افراد زخمی

کوئٹہ سے ملتان جانے والی مسافر بس تیز رفتاری کے باعث الٹ گئی، زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا

رکھنی (یواین اے) رکھنی کے قریب چھپر کے مقام پر کوئٹہ سے ملتان جانے والی ایک تیز رفتار مسافر کوچ حادثے کا شکار ہوگئی ہے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے کے نتیجے (باقی صفحہ 3 نمبر8)

ٹانک پولیس وین پر دہشتگردوں کا حملہ 3 ٹریفک اہلکار شہید

کہ دہشت گرد ٹریفک پولیس موبائل بھی لے گئے جسے بعدازاں گرہ بڑھا سے برآمد کیا گیا، اس کے علاوہ ملزمان کی فائرنگ سے 2 راہ گیر بھی زخمی ہوئے

فائرنگ کے بعد مسلح حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، ملزمان کی گرفتاری کے لیے تمام شاہراہوں اور پیدل راستوں کی ناکہ بندی کردی گئی

ٹانک (اے این این) ٹانک میں دہشت گردوں نے پولیس کی موبائل وین پر حملہ کردیا جس سے 3 ٹریفک اہلکار شہید ہوگئے جبکہ دو راہگیر بھی زخمی ہو گئے۔ ٹانک میں پولیس وین پر فائرنگ سے شہید ہونے والے ٹریفک پولیس کے اہلکاروں کانسٹیبل گل امین، کانسٹیبل سلیم شاہ اور کانسٹیبل پیر ادریس کی لاشیں ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کردی گئیں۔ فائرنگ کے بعد مسلح حملہ آور فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے، پولیس نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ ڈی پی او عبدالصمد خان کے مطابق فائرنگ کا واقعہ ٹانک کے وزیرآباد بازار میں پیش آیا جہاں مسلح ملزمان نے ٹریفک اہلکاروں کی موبائل پر فائرنگ کی جس سے گاڑی میں سوار تینوں اہلکار موقع پر ہی شہید ہوگئے جب کہ ملزمان فرار ہوگئے۔ ڈی پی او کا کہنا ہے کہ دہشت (باقی صفحہ 3 نمبر3)

عوامی خدمت ہماری سیاست کا بنیادی مقصد ہے، شیخ زرک مندوخیل

حلقہ انتخاب کے عوام کے مسائل کے حل کے لیے ہمارے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، رکن اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) رکن بلوچستان اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوامی خدمت ہماری سیاست کا بنیادی مقصد ہے، حلقہ انتخاب کے عوام کے مسائل کے حل کے لیے ہمارے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، عوام کو درپیش بنیادی مسائل کے حل اور علاقے کی ترقی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ حلقہ انتخاب میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور عوامی مسائل کے ازالے کے لیے متعلقہ اداروں سے مسلسل رابطے میں ہیں۔ عوام نے جس اعتماد کا اظہار (باقی صفحہ 3 نمبر4)

تعز میں سعودی فضائی حملے میں 30 جنگجو اور 8 شہری ہلاک ہوئے، حوثی باغی

صنعا (جی این ایم) یمن میں حوثی گروپ نے کہا ہے کہ تعز کے علاقے میں ہونے والے متعدد فضائی حملوں میں گروپ کے تقریبا 30 جنگجو اور 8 شہری ہلاک ہوئے ہیں۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ یمنی حکومت نے اعلان کیا کہ اس نے علاقے میں حوثیوں کے ایک فوجی کیمپ اور گاڑیوں کو نشانہ بنایا (باقی صفحہ 3 نمبر5)

موسمی خرابی، اسلام آباد کی 2 پروازیں ملتان اور لاہور اتار لی گئیں

اسلام آباد اسلام آباد میں خراب موسمی صورت حال کے باعث 2 پروازوں کا رخ تبدیل کر کے انہیں ملتان اور لاہور اتار لیا گیا۔ پیرس سے اسلام آباد آنے والی پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز کی پرواز کو ملتان اتارا گیا جبکہ ریاض سے اسلام آباد آنے والی نجی فضائی کمپنی کی پرواز لاہور اتاری گئی۔ شدید بارش کے باعث بینکاک سے لاہور آنے والی 2 پروازوں میں ساڑھے 9 گھنٹے تک تاخیر ہوئی۔ گزشتہ رات کیلئے (باقی صفحہ 3 نمبر9)

کوئٹہ، بلوچستان کے وزیراعلیٰ میر سرفراز احمد بگٹی کوئٹہ ترقیاتی پیکج کے حوالے سے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا کے حالات بہتر کرنا ہوں گے، اختیار ولی

خیبر پختونخوا کی امن وامان اور منشیات کی صورت حال پر تشویش کا اظہار کیا ہے خیبر پختونخوا میں امن کا گراف مسلسل گر رہا ہے

سہیل آفریدی کے دورِ حکومت میں صوبے میں چرس کی بھرمار ہو رہی ہے اور منشیات کا زہر پورے ملک میں پھیلایا جا رہا ہے، ثمر بلور

اسلام آباد (اے این این) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے اطلاعات اختیار ولی خان نے کہا ہے کہ گورنر راج لگے یا نہ لگے، خیبر پختونخوا کے حالات بہتر کرنا ہوں گے۔ رکن قومی اسمبلی ثمر بلور کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے اختیار ولی خان کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کی امن وامان اور منشیات کی صورت حال پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں امن کا گراف مسلسل گر رہا ہے، صوبے کے حالات کو بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے اطلاعات کا کہنا تھا کہ گورنر راج ایک آپشن تو ہوسکتا (باقی صفحہ 3 نمبر11)

معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی آئینی حق ہے، سینیٹر روبینہ خالد

عوام کو درست، مستند اور قابلِ اعتماد معلومات کی فراہمی شفاف معاشرے کی بنیاد ہے

اسلام آباد (یواین اے) چیئر پرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے کہا ہے کہ درست اور مستند معلومات تک رسائی باخبر اور مضبوط جمہوریت کے لیے ناگزیر ہے، معلومات تک رسائی ہر شہری کا بنیادی آئینی حق ہے۔ پیر کو معلومات تک رسائی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ عوام کو درست، مستند اور قابلِ اعتماد معلومات کی فراہمی شفاف معاشرے (باقی صفحہ 3 نمبر10)

گوادر سمندر میں غیر قانونی اور ممنوعہ جال کے استعمال کے خلاف محکمہ فشریز کی کارروائیاں تیز

ممنوعہ جال کے استعمال سے سمندری حیات کے قدرتی توازن کو نقصان پہنچتا ہے: محکمہ فشریز

گوادر (خ ن) محکمہ فشریز نے غیر قانونی اور ممنوعہ جال کے استعمال کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کرتے ہوئے گوادر کے سمندر پدی زر بیچ پر کشتیوں اور کا نیکوں کی چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے ڈائریکٹر فشریز میرین احمد ندیم کی ہدایت اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز گوادر شاہ فہد کی نگرانی میں فشریز کی مانیٹرنگ ٹیم نے مختلف کشتیوں اور کا نیکوں میں موجود جالوں کے چمگ سائز کا (باقی صفحہ 3 نمبر13)

ملائیشیا کے وزیراعظم سے او آئی سی کامسٹیک کے کوآرڈینیٹر جنرل کی ملاقات

اسلام آباد (یواین اے) ملائیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم سے او آئی سی کامسٹیک کے کوآرڈینیٹر جنرل پروفیسر ڈاکٹر محمد اقبال چوہدری نے کوالالمپور میں ملاقات کی، جس میں ملائیشیا میں مستقبل میں سائنس و ٹیکنالوجی سربراہی اجلاس کے انعقاد کے امکان پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ کوالالمپور میں مستقبل کی بین الاقوامی کانفرنس 2026 کے موقع پر ہونے والی ملاقات میں ملائیشیا کے وزیراعظم انور ابراہیم نے او آئی سی کامسٹیک کی (باقی صفحہ 3 نمبر15)

صحبت پور، مہنگائی اور چاول کی کم قیمتوں نے چھوٹے زمینداروں کو تباہ کردیا

ڈی اے پی مہنگی، پانی کی قلت اور کٹوتیوں نے کسانوں کو قرض کے شکنجے میں جکڑ لیا

صحبت پور (یواین اے) صحبت پور کے چھوٹے زمیندار اور غریب کاشتکار شدید مالی بحران کا شکار ہو کر رہ گئے ہیں، جہاں چاول کی فصل کو مناسب قیمت نہ ملنے اور مہنگائی کے (باقی صفحہ 3 نمبر12)

ضلع حب کے کے الیکٹرک صارفین کے مسائل کے حل کے لیے 2 اکتوبر کو کھلی کچہری کا انعقاد

بجلی بلوں میں بے ضابطگیوں اور شکایات کے فوری ازالے کے لیے براہِ راست پلیٹ فارم فراہم کیا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) دفتر الیکٹرک انسپکٹر محکمہ توانائی بلوچستان، حب کے زیرِ اہتمام کے الیکٹرک کے صارفین کو درپیش بجلی سے متعلق مسائل اور شکایات کے فوری ازالے کے لیے (باقی صفحہ 3 نمبر16)

علیمہ خان کو جیل میں ملاقات اور میڈیکل سہولیات پر قانون کے مطابق فیصلہ کرنے کا حکم

لاہور (اے این این) علیمہ خان کو جیل میں روز مرہ استعمال کی اشیا فراہم کردی گئیں۔ لاہور ہائیکورٹ کی جسٹس عبہر گل نے علیمہ خان کو جیل میں میڈیکل سہولیات کی فراہمی اور ملاقات کیلیے درخواست پر سماعت کی۔ اس دوران اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل فرخ خان لودھی نے ہوم سیکرٹری کی جانب سے رپورٹ پیش کی جس میں بتایا گیا کہ درخواست گزار علیمہ خان کو جیل میں روزمرہ استعمال کی اشیا فراہم کردی ہیں۔ (باقی صفحہ 3 نمبر34)

محکمہ بلڈنگ لسبیلہ کی کارکردگی صفر، سرکاری عمارتوں کی تعمیر میں ناقص میٹریل کا بے دریغ استعمال

سوک سینٹر، 30 بیڈ اسپتال اور گرلز ہائی اسکول کی تعمیر میں غیر معیاری سامان کا انکشاف، غیر جانبدار انکوائری کا مطالبہ

بیلا (یواین اے) محکمہ تعمیرات ومواصلات (بلڈنگ) لسبیلہ کی کارکردگی صفر، ٹھیکیداروں کی من مانیاں عروج پر، عمارتوں کی تعمیر میں مبینہ ناقص میٹریل کا بے دریغ استعمال تفصیلات کے مطابق محکمہ تعمیرات و مواصلات بلڈنگ لسبیلہ کی کارکردگی صفر ہوگئی ہے۔ بیلا میں جاری سرکاری بلڈنگوں کی تعمیرات میں ٹھیکیداروں کی من مانیاں اور ناقص میٹریل کے استعمال کا انکشاف ہوا ہے ذرائع کے مطابق گزشتہ کئی ماہ سے لسبیلہ میں تعمیراتی منصوبوں سوک سینٹر، 30 بیڈ اسپتال، (باقی صفحہ 3 نمبر14)

مکہ مکرمہ میں باران رحمت، مسجد الحرام میں بارش کے دوران عمرہ زائرین کا طواف کعبہ جاری

ریاض (جی این ایم) سعودی عرب کے مختلف شہروں میں موسلادھار بارش سے موسم خوشگوار ہوگیا، متعدد شہروں اور علاقوں میں سڑکوں اور شاہراہوں پر پانی جمع ہوگیا جبکہ مسجد الحرام میں بارش کے دوران عمرہ زائرین طواف کعبہ میں مصروف رہے۔ مکہ مکرمہ میں مسجد الحرام میں بھی باران رحمت خوب برسی جس کے دوران عمرہ زائرین نے طوافِ کعبہ جاری رکھا اور بارش برسنے پر اللہ تعالیٰ کا (باقی صفحہ 3 نمبر17)

کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی یونیورسٹی فنانس کمیشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بارشیں نہ ہونے کے باعث تربیلہ ڈیم میں پانی کی سطح میں مسلسل کمی

لاہور (جی این ایم) بارشیں نہ ہونے کے باعث تربیلہ ڈیم میں پانی کی سطح میں مسلسل کمی ہورہی ہے۔ ڈیم انتظامیہ کے مطابق تربیلہ ڈیم میں پانی کی موجودہ سطح 1527.19 فٹ ہے، تربیلہ ڈیم کا ڈیڈ لیول 1402 فٹ اور فل لیول 1550 فٹ ہے۔ اعلامیے کے مطابق تربیلہ ڈیم میں پانی کی آمد 65 ہزار کیوسک اور اخراج ایک لاکھ کیوسک ہے، تربیلہ ڈیم میں بجلی (باقی صفحہ 3 نمبر30)

کراچی، پاپوش نگر میں خاتون کے قتل کیس کا معمہ حل، شوہر گرفتار

کراچی (جی این ایم) کراچی کے علاقے پاپوش نگر میں پیش آنے والے خاتون کے قتل کے واقعے کا معمہ حل کرتے ہوئے مقتولہ کے شوہر کو ہی گرفتار کرلیا گیا۔ تفصیل کے مطابق پاپوش نگر پولیس نے 23 ستمبر کو قتل ہونے والی خاتون نازیہ کے کیس پر بڑی کامیابی حاصل کرتے ہوئے مقتولہ کے شوہر فرمان کو حراست میں لے لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے گھریلو ناچاقی کے دوران مبینہ طور پر اپنی بیوی کو گلا دبا کر قتل کیا تھا اور واقعے کو دوسرا رخ دینے (ڈکیتی یا کسی اور رنگ میں ڈھونڈنے (باقی صفحہ 3 نمبر29)

کراچی میں غیرقانونی طور پر مقیم 4 افغان شہری گرفتار

کراچی (جی این ایم) کراچی کے علاقے سلطن میں پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پاکستان میں غیرقانونی طور پر مقیم 4 افغان شہریوں کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان ملیر پولیس کے مطابق گرفتار افراد کی شناخت سعید انور، ہارون، محمد فیضان اور عبدالودود کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے چاروں افراد کو مزید قانونی کارروائی کے لیے رشید آباد افغان کیمپ منتقل کردیا ہے۔ ملیر پولیس کے مطابق قانونی کارروائی مکمل ہونے کے بعد گرفتار افغان شہریوں کو افغانستان روانہ کیا جائے گا۔

سیاست میں تلخیاں کم ہونا پاکستان کے عوام کی بڑی ضرورت ہے، فواد چوہدری

تحریکِ انصاف کو اسی پس منظر کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے اپنی آگے کی سیاسی حکمتِ عملی تیار کرنی چاہیے

اسلام آباد (جی این ایم) سابق وفاقی وزیر اطلاعات اور سیاستدان فواد چوہدری نے سینئر صحافی انصار عباسی کے کالم پر اپنا ردِعمل ظاہر کرتے ہوئے ملک میں سیاسی تلخیاں کم کرنے، مائنس فارمولوں کو مسترد کرنے اور پاکستان تحریک انصاف کو مذاکرات و گفتگو کے ذریعے راہ (باقی صفحہ 3 نمبر20)

سائرہ عطاء کا ریسکیو 1122 کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی

ریسکیو ملازمین کے دیرینہ مسائل کے حل کے لیے ڈائریکٹر جنرل کو فوری طور پر لسبیلہ طلب کرلیا گیا

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا ہے کہ ہنگامی حالات میں اور خاص طور پر موجودہ سیکیورٹی صورتحال کے تناظر میں ایمرجنسی ریسکیو سینٹر 1122 کی خدمات (باقی صفحہ 3 نمبر21)

ڈیرہ مراد جمالی میں مبینہ طور پر زہریلی چائے پینے سے ایک نوجوان جاں بحق، دوسرا لاڑکانہ ریفر

گوٹھ عبدالفتح میں پیش آنے والے اس واقعے میں چچا کے گھر چائے پینے سے دو نوجوان بے ہوش ہوئے

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی گوٹھ عبدالفتح میں چچا کے گھر مبینہ طور پر زہریلی چائے پینے سے ایک نوجوان جاں بحق ہوگئے جبکہ دوسری نوجوان حالت غیر ہونے سے سندھ لاڑکانہ ریفر کر دیا گیا تفصیلات پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی پولیس تھانہ صدر کی حدود (باقی صفحہ 3 نمبر22)

کچھی کینال فیز I- کی تکمیل سے 72 ہزار ایکڑ اراضی سیراب ہوگی

فصلوں کی پیداوار میں اضافے کے ساتھ ساتھ کسانوں کے روزگار اور معاشی مواقع میں بھی بہتری متوقع ہے

اسلام آباد (یواین اے) کچھی کینال منصوبہ فیز I- تکمیل کے قریب پہنچ گیا ہے جس سے 72 ہزار ایکڑ اراضی کو آبپاشی کا پانی فراہم کرنے کا ہدف حاصل ہونے کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔ حکومت نے وفاقی پی ایس ڈی پی میں منصوبے کی مجموعی لاگت 80 ارب 35 کروڑ 22 لاکھ روپے سے زائد ہے، جس کا مقصد پانی کی قلت سے متاثرہ علاقوں کی زرعی صلاحیت کو بروئے کار لانا اور وہاں زرعی سرگرمیوں کو فروغ دینا ہے۔ منصوبے کے پیکجز IV اور V کے باقی ماندہ (باقی صفحہ 3 نمبر23)

اے آئی خطرہ ہے، اس پر فوری طور پر قابو پانا ہوگا، بل گیٹس کا انتباہ

اے آئی کے ذریعے فراڈ، بجلی کی بندش اور بینک اکاؤنٹس ہیک کیے جاسکتے ہیں، بل گیٹس

واشنگٹن (جی این ایم) مائیکروسافٹ کے بانی بل گیٹس نے کہا ہے کہ اے آئی خطرہ ہے، اس پر فوری طور پر قابو پانا ہوگا، اے آئی کے ذریعے فراڈ، بجلی کی بندش اور بینک اکاؤنٹس ہیک کیے جاسکتے ہیں۔ امریکی ٹی وی سے گفتگو میں بل گیٹس نے کہا کہ غلط ہاتھوں میں جدید اے آئی انتہائی خطرناک ہتھیار بن سکتی ہے، چھوٹے گروہ اے آئی کی مدد سے وہ کام کرسکتے ہیں جو پہلے صرف بڑی طاقتیں کرسکتی تھیں۔ مائیکروسافٹ کے بانی نے کہا کہ اے آئی صرف نئی ٹیکنالوجی نہیں (باقی صفحہ 3 نمبر24)

روس کے یوکرین میں ڈرون حملے، 5 افراد ہلاک، متعدد زخمی

کیف (جی این ایم) یوکرین میں روسی ڈرون حملوں کے نتیجے میں پانچ افراد ہلاک اور متعدد زخمی ہوگئے۔ غیرملکی خبر رساں ادارے کے مطابق کیف کے نواحی علاقے میں مارکیٹ کو نشانہ بنایا گیا جہاں دو افراد ہلاک اور 10 زخمی ہوئے جبکہ دارالحکومت کیف میں بھی حملوں کے دوران نو افراد زخمی ہوئے جن میں ایک بچہ بھی شامل ہے۔ شمالی شہر سومی میں امدادی مرکز کے قریب تین گائیڈڈ بم گرنے سے دو افراد ہلاک ہوئے جبکہ خارکیف (باقی صفحہ 3 نمبر19)

لکی مروت میں 2 لاشیں برآمد کرلی گئیں

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت کے علاقے گل باز دہقان کے قریب لونگ خیل روڈ پر 2 لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ اس حوالے سے پولیس کا کہنا ہے کہ دونوں نوجوانوں کو فائرنگ کرکے قتل کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق اس واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور لاشیں تحویل میں لے کر اسپتال منتقل کر دیں۔ پولیس نے کہا ہے کہ واقعے سے متعلق تحقیقات کی جارہی ہیں۔ خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت کے علاقے گل باز دہقان کے قریب لونگ خیل روڈ پر 2 لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔

سینیٹر عبدالقادر کی سربراہی میں پاکستانی پارلیمانی وفد منیلا پہنچ گیا

اسلام آباد/منیلا (اے این این) سینیٹر عبدالقادر کی قیادت میں سینیٹ آف پاکستان کا پارلیمانی وفد فلپائن کے دارالحکومت منیلا پہنچ گیا، جہاں وہ "خودمختار مالیاتی ادارے اور بین الحکومتی مالیاتی تعلقات کا انتظام مضبوط معیشت اور جامع اقتصادی ترقی کے فروغ کی جانب" کے عنوان سے منعقدہ دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت کرے گا۔ وفد میں سینیٹر وقار مہدی بھی شامل ہیں۔ کانفرنس 28 تا 29 ستمبر 2026 کو منعقد ہورہی ہے، جس میں مختلف ممالک کے پارلیمانی نمائندے (باقی صفحہ 3 نمبر25)

جے یو آئی کوئٹہ کے اجلاس میں 8 اکتوبر کی ضلعی جنرل کونسل کی تیاریوں کا جائزہ

شہریوں کے جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جائے، فرائض کو رسمی کارروائی تک محدود نہ رکھا جائے، ضلعی امیر مولانا عبدالرحمٰن

کوئٹہ (یواین اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلسِ عاملہ اور ماتحت تحصیلوں و یونٹوں کے امرا ونظما کا نمائندہ اجلاس ضلعی امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق کی زیرِ صدارت ضلعی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں جماعتی امور بالخصوص 8 اکتوبر کو منعقد ہونے والے ضلعی مجلسِ عمومی کے اجلاس کی تیاریوں اراکین تک دعوت ناموں کی بروقت ترسیل اور دیگر امور کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں دورہ کمیٹیوں کی جانب سے تحصیلوں اور یونٹوں کے دوروں اور تنظیمی صورتحال پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ اجلاس میں کوئٹہ شہر اور ضلع کے مختلف علاقوں بالخصوص اغبرگ، نوحصار، پنجپائی اور سمنگلی میں امن وامان کی صورتحال بڑھتی ہوئی چوری وڈکیتی، منشیات کے رجحان، فحاشی وعریانی اور دیگر شہری و سماجی مسائل پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ شرکا نے مقامی آبادی کو درپیش (باقی صفحہ 3 نمبر18)

PAKISTAN
MINISTRY OF IT & TELECOM

اسلام آباد: وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ کو ہواوے کے گلوبل سروس سینٹر کے دورے کے موقع پر شیلڈ پیش کی جارہی ہے

غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کو سستا پیٹرول نہیں ملے گا پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن

وزیراعظم ریلیف اسکیم کے تحت رجسٹرڈ شہریوں کو فی لیٹر 100 روپے تک سستا پیٹرول فراہم کیا جارہا ہے

لاہور (اے این این) پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن نے شہریوں کے لیے اہم اعلان کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم سبسڈی اسکیم میں ٹوکن جنریٹ ہونے والی گاڑی کو ہی سستا پیٹرول ملے گا، غیر رجسٹرڈ گاڑیوں کو سستا پیٹرول نہیں ملے گا۔ تفصیلات کے مطابق آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن نے وزیراعظم سبسڈی اسکیم کے تحت سستا پیٹرول حاصل کرنے والے صارفین سے تعاون کی اپیل کی ہے اور واضح کیا ہے کہ صرف رجسٹرڈ اور ٹوکن والی گاڑیوں کو ہی سبسڈی دی جائے گی۔ ایسوسی ایشن کے رہنما نعمان علی بٹ نے کہا کہ حکومت کی جانب سے جاری کردہ ہدایت کے مطابق سبسڈی کا حق صرف اسی صارف کو حاصل ہوگا جس کی گاڑی رجسٹرڈ ہے اور جس کا باقاعدہ ٹوکن جنریٹ ہوا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پمپ مالکان قانوناً صرف اسی گاڑی کے لیے سستا پیٹرول فراہم کرنے کے پابند ہیں جس کا ٹوکن سسٹم میں ظاہر ہورہا ہو۔ ٹوکن والی گاڑی کے علاوہ کسی (باقی صفحہ 3 نمبر26)

گورنر راج یا ایمرجنسی کی دھمکیوں سے اپنے موقف سے پیچھے نہیں ہٹوں گا، سہیل آفریدی

اپنے نظریے اور صوبے کے حقوق کی خاطر اقتدار اور کرسی کی قربانی دینے کے لیے مکمل طور پر تیار ہوں

ایسی کرسی پر لعنت بھیجتا ہوں جو مجھے اپنے نظریے سے ہٹا دے، وزیراعلیٰ خیبر پشتونخواہ کا ردعمل

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخواہ کے وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے وفاقی حکومت کی جانب سے گورنر راج اور ایمرجنسی کی دھمکیوں کے ردِعمل میں کہا ہے کہ ایسی دھمکیوں سے ہرگز پیچھے نہیں ہٹیں گے، اپنے نظریے اور صوبے کے حقوق کی خاطر اقتدار اور کرسی کی قربانی دینے کے لیے مکمل طور پر تیار ہوں۔ پشاور میں امن و امان سے متعلق منعقدہ اعلیٰ سطح کے ہنگامی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ سہیل آفریدی نے کہا کہ وفاق میں بیٹھے حکمران اپنی غلط پالیسیوں کو چھپانے کے لیے جھوٹے بیانیے تراش رہے ہیں، خیبر پختونخواہ کے تمام سیاسی وسماجی سٹیک ہولڈرز اور عوام متفقہ طور پر کہہ چکے ہیں کہ وفاق دہشتگردی کے خلاف اپنی ناکام پالیسی میں فوری تبدیلی لائے مگر پالیسی میں اصلاحات کرنے کے بجائے الٹا خیبر پختونخواہ (باقی صفحہ 3 نمبر27)

چیئرمین قائ [illegible]